جناب چیئرمین- یہ کس کا ذکر ہے who has been forced to resign.

Syed Taj Haider: Sir, so many judges were appointed, they were duly appointed.

Mr. Chairman: As a result of the Supreme judgement, certain things took place but nobody was forced to resign. Yes. Aftab Ahmed Sheikh.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Is this within the knowledge of the Minister that was the Council seized of any matter and has the Council held any enquiry relating to Article 209, sub-Article 5 (a) and (b) in capacity of performing duties on account of physical or mental incapacity or guilty of misconduct. Was the Council seized of any such case during the last 5 years. Because, sir, then the Council after holding enquiry has to send a report to the President and it is the President who will give the direction.

Mr. Chairman: Yes, Adviser for Law.

Mr. Khalid Anwar: No, sir, it is the other way. Sir, the procedure is that first the President makes a reference. Reference can be on the ground that a judge is incapacitated either due to some mental illness or physical illness or is guilty of misconduct. The Council is a purely judicial body, it decides the complaint after it has been referred to it. It is not an investigating agency at all.

Sir, no such case was referred to it during the last five years, and therefore, the question of the decision can not arise and there is no case pending.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, sub-Article (4) says;"if upon any matter enquire into by the Council, there is a difference of opinion amongst members. The opinion of the majority shall prevail and the report of the Council to the President shall be expressed in terms of the view of the majority". After the report then they say if on information received from the Council or from any other source the President is of the opinion that the judge of the Supreme Court or the High Court ... and then the reasons. the President shall direct the Council to enquire into the matter. So, at the report it is to be initiated by the Council, sent to the President and it is then that a direction comes from--- to go into it. That is what I have submitted to you.

Mr. Chairman: That is one of the way. So, obviously,

کوئی ایسی رپورٹ نہیں آئی، میرے خیال میں صدر صاحب کے پاس۔

Mr. Khalid Anwar: Absolutely not.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, my submission is that initially it has to come from the Council.

Mr. Chairman: No, no, it could come from any other source or it could come from the Council, the President will consider it then make a reference to the Supreme Judicial Council. The Supreme Judicial Council will enquire into the matter and make a report back to the President.

Mr. Khalid Anwar: Sir, that is absolutely correct and I simply add one word that the first stage of information. information has to be received from the Council or some other source. But the Judicial Council, just of the Council

and since such information has been received, the Council is not seized of any matter.

Mr. Chairman: Now, it is the end of the Question Hour. Now, we proceed to item No.3, which is the discussion on the address of the President.

+100 . ***Syed Muhammad Jawad Hadi:** Will the Minister for Education be pleased to state:

a) the sanctioned strength of the lectureres in F.G. Degree College for Men, H-9, Islamabad;

b) the number of posts of lecturers lying vacant in the said college; and

c) whether it is a fact that some persons have been appointed on contract basis against the said posts, if so, their names, educational qualifications, grade and other fringe benefits, if any, indicating also the date of their appointment?

Syeda Abida Hussain: (a) There are 43 sanctioned posts of Lecturer (B-17) in F.G. College for Men, H-9, Islamabad.

b) Out of 43 sanctioned posts of Lecturers (B-17) 11 posts are lying vacant.

c) It is a fact that 08 persons have been engaged against vacant posts in order to teach the classes and facilitate the students on monthly honorarium basis by the Principal of the college. Details at Annexure "A".

The remaining questions and their replies were taken as read

and placed on the table of the House.

Annexure- A

S. No.	Name	Qualification	Subject	Remuneration	Date of Appointment
1.	Mr. Asghar Ali	M.Sc	Mathematics	Fixed Rs. 3000/- P.M. out of students fund with no other fringe benefits.	20-08-96
2.	Mr. M. Irfan Khan	M.A.	English	—do—	10-08-96
3.	Mr. Nasir Iqbal	M.A.	English	—do—	10-08-96
4.	Mr. M. Nadeem Raza	M.A.	English	—do—	20-10-96
5.	Mr. Haroon Rashid	M.Sc	Geography	—do—	10-08-96
6.	Mr. Farrukh Abbas	M.Sc	Geography	—do—	01-09-96
7.	Mr. Asmat Ullah	M.Sc	Zoology	—do—	10-08-96
8.	Mr. Muhammad Arif	M.Sc	Physics	—do—	01-10-96

101. ***Syed Muhammad Jawad Hadi:** Will the Minister for Education be pleased to state the details of the vehicles in the F.G. Degree College for Men. H-9, Islamabad and the month-wise expenditure incurred on them during the last two years?

Syeda Abida Hussain: (a) There are four vehicles in F.G. College for Men H-9, Islamabad as under:

Busses	Van (Hiace)
03	01

b) An amount of Rs. 40,5672/64 has been incurred on these vehicles during the last two years. Month-wise details of expenditure may please be seen at Annexure"A" for POL and at Annexure"B' for repairs.

Annexure-A

FEDERAL GOVERNMENT COLLEGE FOR MEN SECTOR H-9 ISLAMABAD.

P.O.L. Expenditure

Month	RID 7946	IDB 8760	IDH 5018	RIC 5601	Total
August, 1995	1631/15	1995/-	---	---	3626/15
September, 1995	3388/55	3863/-	---	---	7251/55
October, 1995	6144/43	5092/21	---	---	11236/64
November, 1995	6714/48	6793/20	---	---	13507/68
December, 1995	6157/72	5600/65	---	---	11758/37
January, 1996	6402/79	5782/69	---	---	12185/48
February, 1996	1454/79	2645/48	---	---	4100/27
March, 1996	Nil	3775/60	---	---	3775/60
April, 1996	301/38	1356/22	---	---	1657/60
May, 1996	Nil	1566/60	---	---	1566/60
June, 1996	Nil	Nil	Nil	Nil	Nil

sd/-
InchargeTransport

sd/-
Incharge Principal

Annexure-A

FEDERAL GOVERNMENT COLLEGE FOR MEN SECTOR H-9, ISLAMABAD.

P.O.L. Expenditure

Month	RID 7946	IDB 8760	IDH 5018	RIC 5601	TOTAL
July, 1996	Nil	Nil	New bus	---	Nil
August, 1996	1528/-	2382/-	---	946/-	4856/-
September, 1996	5100/90	6063/17	---	1624/59	12788/66
October, 1996	5039/24	5155/06	---	1828/61	12022/91
November, 1996	3110/80	5097/60	755/20	2528/-	11491/60
December, 1996	6850/-	8913/82	802/34	2984/07	19550/23
January, 1997	6850/-	8913/82	802/34	2984/07	19550/23
February, 1997	4348/46	3469/76	772/80	2957/79	11548/81
March, 1997	5006/38	3311/49	780/53	2912/84	12010/94
April, 1997	6290/40	2434/92	Nil	2939/62	11664/94
Total:	66821/55	78737/23	3960/09	20893/03	176702/30

sd/-　　　　　　　　　　　　　　　　　　sd/-

Incharge Principal　　　　　　　　　　　　Incharge Transport

Annex-B

FEDERAL GOVERNMENT DEGREE COLLEGE FOR MEN SECTOR H-9, ISLAMABAD

Expenditure on repair

Month	RID 7946	IDB 8760	IDH 5018	RIC 5601	TOTAL
July, 1996	Nil	Nil	New Bus Nil	Nil	
August, 1996	485/-	820/-	Nil	Nil	1305/-

September, 1996	1985/-	2600/-	Nil	315/-	4900/-
October, 1996	2260/-	450/-	Nil	Nil	2710/-
November, 1996	20973/-	370/-	Nil	925/-	22268/-
December, 1996	1955/-	1843/-	2542/-	Nil	6340/-
January, 1997	930/-	460/-	Nil	1470/-	2860/-
February, 1997	1000/-	Nil	2550/-	13200/-	16750/-
March, 1997	460/-	335/-	457/-	480/-	1737/-
April, 1997	368/-	790/-	Nil	800/-	1958/-
Grand Total:	56942/-	17633/-	5549/-	29440/-	109564/-

sd/-   sd/-

Incharge Principal   Incharge Transport

Annex-B

No. F.24/74/FGCM

FEDERAL GOVERNMENT DEGREE COLLEGE FOR MEN SECTOR H-9,

ISLAMABAD.

Expenditure on Repair.

Month	RID -7946	IDB -8760	RIC-5601	TOTAL
August, 1995	450/-	375/-	---	825/-
September, 1995	585/-	1700/-	---	2285/-
October, 1995	16066/-	3695/-	---	19761/-
November, 1995	3075/-	630/-	---	3705/-
December, 1995	1695/-	550/-	---	2245/-
January, 1996	645/-	2070/-	---	2715/-
February, 1996	Nil	Nil	---	Nil
March, 1996	Nil	445/-	---	445/-

April, 1996	4010/-	Nil	---	4010/-
May, 1996	Nil	90/-	12250/-	12340/-
June, 1996	Nil	410/-	Nil	410/-

sd/- sd/-

Incharge Principal Incharge Transport

102. *Syed Muhammad Jawad Hadi: Will the Minister for Education be pleased to state:

a) the number of thefts committed in the hostel of F.G. Degree College for Men H-9, Islamabad during the last two years;

b) the details of the losses in those cases; and

c) whether any FIR was got registered in these cases, if not, its reasons.

Syeda Abida Hussain: (a) Two theft cases have occurred in the hostel of FG College for Men H-9 during the last two years.

b) The details of losses are as under:-

	Name	Loss	Date
1.	Mr. Mushood Ahmad Khan (Ist year Student)	2500/-	25-1-1996/
2.	Mr. Safar Ali (2nd Year Student)	3000/-	23-4-1997

(c) FIR in these cases were not lodged by the students concerned due tothe following reasons:-

1. In the first case of Mr. Mushood Ahmad Khan, the matter was investigated by the Hostel Warden. The student was asked to lodge a written

report but he did not file the report and thus matter was closed.

2. In the 2nd case the student Mr. Safar Ali did lodge a written report, to the Principal where upon an enquiry committee consisting of 3-staff members was constituted by the college. The findings are likely to be received shortly, whereafter the matter will be reported to the local police, if the report is found to be based on facts and the loss is not recovered.

103. ***Syed Qasim Shah:** Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to establish Telecommunication Region in Hazara Division, if so, when?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: The proposal for establishment of telecommunication region in Hazara Division is not under consideration of PTCL at this stage.

جناب چیئرمین ۔ جی جناب اعتزاز احسن صاحب۔

POINT OF ORDER

چوہدری اعتزاز احسن: جناب ایک دو گزارشات ہیں۔ ایک تو بڑی چھوٹی سی کہ میں امید کرتا ہوں کہ چاہے اور کچھ دکھائیں نہ دکھائیں پی ٹی وی آج یہ ضرور دکھائے جو یہاں ہوا ہے کہ ایک وزیر صاحب حسب روایت سارا ملبہ پیپلز پارٹی پر ڈال رہے تھے اور جو سینیٹر صاحب تھے، وہ نواز لیگ کے سینیٹر ہیں، انہوں نے واضح طور پر کہا کہ پیپلز پارٹی کا اس مسئلے پر کوئی قصور نہیں تھا ۔ امید ہے کہ یہ ٹیلی وژن اس کو ضرور دکھائے گا ورنہ یہ تو روایت ہی چل رہی ہے۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ وہ ایک آپ نے رضا ربانی صاحب کی کچھ سننی تھی ۔ وہ مسئلہ delay ہوتا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ ختم ہوجائے صدر کے خطاب پر بحث ۔ آج انشاء اللہ I want to

finish it today.

چوہدری اعتزاز احسن: کوئی خبر نہیں پھر لیجسلیشن شروع ہوجائے گی۔ پھر وقت نہیں ملے گا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں یہ کر لیں گے کہ اگر لیجسلیشن شروع بھی ہو جائے تو I can give you about 15,20 minutes for this.

چوہدری اعتزاز احسن: نہیں جناب 15, 20 minutes every day نہ کریں ۔ ایک ہی دن میں آپ اس مسئلے کو اس معاملے کو۔۔۔ وہ جو بھی اس کو حل کریں۔

Mr. Chairman: We will try it. We will try it. Yes, Dr. Hayee sahib, on point of order.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب چیئرمین صاحب! شکریہ آپ کا۔ میری گزارش یہ ہے اس معزز ایوان میں حکومت سے کہ بلوچستان اسمبلی میں بھی یہ مسئلہ اٹھایا گیا ہے ، زمینداروں سے سبسڈی واپس لے لی گئی ہے۔ بجلی کا پہلے وہاں بہت بڑا مسئلہ ہے جناب کوئی چھ مہینے سے بلوں کی ادائیگی یا عدم ادائیگی کی وجہ سے وہاں زمیندار بہت متاثر ہوئے۔ گندم تو کاشت ہی نہیں کی گئی ہے اور وہاں زیادہ تر ٹیوب ویلز پر لوگوں کا گزارا ہے، خاص طور پر اپنے سرد علاقوں میں۔ تو یا تو بجلی پر حکومت اپنی کوئی پالیسی واضح کرے ، اگر وہ خود نہیں دے سکتے بجلی تو بلوچستان کے عوام کو ایران سے بھی بجلی مل سکتی ہے۔ بہرحال ایران کی حکومت نے یہ آفر دی ہے بلوچستان کی حکومت کو ، ہمیں خاص طور پر مکران ڈویژن، ضلع چاغی ، خاران کے متعلق ، یہ جو ایران کے قریب ہمارے اضلاع ہیں ، وہاں پر وہ سڑکیں اور بجلی بھی دینا چاہتے ہیں۔ ظلم ہے خدا کا کہ آپ ایران کے بارڈر پر نظر ڈالیں تو وہاں روشنی ہی روشنی ہے ۔ وہاں سب کچھ ہے اور یہاں پاکستان کے بارڈر کی طرف نظر ڈالیں تو یہاں اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔ اب تو یہ حال ہے کہ مکران ڈویژن اور ضلع چاغی ، خاران بلکہ کوئٹہ تک اب یہاں سبزی اور ٹماٹر تک اور گندم وغیرہ یہ سب کچھ ایران سے اس طرف آ رہے ہیں ۔ اگر ایران کی طرف سے نہ آئیں تو وہاں کے لوگ بھوکے مر جائیں۔ اس لئے ہماری حکومت سے گزارش ہے کہ حکومت ہمارے بجلی کے مسئلہ کو حل کرے ۔ ہماری subsidy بند نہ کرے ۔ ایران کی طرف سے ہمیں بجلی فراہم کرنے کی

جو offer ہے ، اس پر یہ غور کریں۔ صوبائی حکومت تو بجلی چاہتی ہے ۔ گوادر ضلعی ہیڈ کوارٹر ہے اور ہم اسے sea port بنا رہے ہیں ۔ اس مسئلہ کا حل ہونا چاہیئے ۔

جناب چیئرمین۔ آپ تشریف رکھیں ۔ بات ہو گئی ہے ۔ بجلی کے معاملے میں کون صاحب بات کریں گے ۔ ڈاکٹر صاحب فرما رہے ہیں کہ بلوچستان میں جو بجلی کی subsidy ختم کر دی گئی ہے ، اس سے بلوچستان کے عوام کو بہت دقت ہے۔ اس کے بارے میں بھی حکومت غور کرے ۔

چوہدری شجاعت حسین۔ میں تو اپنی بات کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال ان کی بات بھی نوٹ کر لیں اور یہ چوہدری نثار علی خان کو convey کر دیں ۔ان کی تشویش سے ان کو آگاہ کر دیں تاکہ وہ جواب دے سکیں ۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی۔ جناب والا! جو subsidy withdraw کی گئی ہے وہ صرف بلوچستان سے ہی withdraw نہیں کی گئی بلکہ فاٹا سے بھی withdraw کی گئی ہے۔ کیونکہ واپڈا خاصے خسارے میں جا رہا ہے اور واپڈا کی مالی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ بنیادی طور پر اس کی restructuring ہو رہی ہے ۔ اس کے جو مالی معاملات ہیں ، ان کو ٹھیک کیا جا رہا ہے۔ حالات ٹھیک ہوتے ہی حکومت کی کوشش ہو گی کہ ہر جگہ بجلی فراہم کر دی جائے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ایران کی حکومت کی آفر کو consider کرلیں۔

جناب چیئرمین۔ ایران کی حکومت کی offer ہے کہ وہ بجلی بیچنے کے لئے تیار ہے یہ ساری بات نثار صاحب کو convey کر دیں ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ بجلی کے ساتھ ساتھ سڑکیں بنانے کی بھی offer ہے ۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ۔ جاوید اقبال عباسی صاحب ۔

حاجی جاوید اقبال عباسی ۔جناب والا! علاقہ گلیات اور بالخصوص N.A-12 کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں کے چھوٹے زمینداروں نے جو 1990 سے لے کر 1993 کے دوران حبیب بنک کالا باغ اور تھیا گلی برانچ سے قرضے لئے تھے ، ان کے قرضوں پر سود حبیب بنک کے ہیڈ آفس نے معاف کر دیا تھا ۔1992 میں جناب نواز شریف نے چھوٹے

کاشت کاروں سے چھانگلا گی میں سیلاب کے متاثرہ لوگوں سے کہا تھا کہ اس علاقہ کو آفت زدہ علاقہ قرار دے کر اس علاقے کے چھوٹے کاشتکاروں کے زرعی قرضے معاف کر دیئے جائیں گے۔ اب بجائے معاف کرنے کے سود درسود وصول کیا جا رہا ہے اور جو interest حبیب بنک نے معاف کر دیا تھا ' اسے بھی interest کے ساتھ وصول کیا جا رہا ہے - وہاں کا ایک مقامی جج لوگوں سے قرضے وصول کرنے کے لئے وارنٹ گرفتاری جاری کر رہا ہے ۔اس لئے میری آپ سے گزارش ہے کہ وزارت خزانہ سے متعلق جو وزیر صاحب جواب دیں 'وہ اس کے بارے میں ارشاد فرمائیں - میری گزارش ہے کہ اس سلسلہ کو فی الفور روکا جائے ۔ان لوگوں کو اس بات کی سزا نہ دی جائے کہ ان کا نمائندہ وزیر اعظم پاکستان ہے - ان کو طرح طرح کی اذیتیں نہ دی جائیں -

جناب چیئرمین- جب سرتاج عزیز صاحب آئیں تو ان کو یہ شکایات convey کر دیں-

جناب غلام قادر چانڈیو صاحب -

جناب غلام قادر چانڈیو - جناب والا! ہمارے صوبے میں پہلے ہی ایجوکیشن بہتر نہیں ہے - اس پر دوسری ستم ظریفی یہ کی گئی ہے کہ صوبہ سندھ کو ایجوکیشن پراجیکٹ میں شامل نہیں کیا گیا ۔سکول کے طلباء ' سائنس کی تعلیم میں پیچھے رہ جائیں گے- جبکہ دوسرے صوبوں میں اور فاٹا میں بھی اس منصوبہ پر عمل ہوگا - اگر وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں تو میں ان کو cutting دے دیتا ہوں - خبر ہے کہ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ملک میں سکول کی سطح پر سائنس کی تعلیم کو مستحکم کرنے کے لئے ، تعلیمی سہولتوں کی بہتری ' تجربہ گاہوں میں جدید سامان کی فراہمی اور نظرثانی شدہ مضامین کی publishing کے لئے 1998 سے 2003 تک دوسرے ایجوکیشن پراجیکٹس میں صوبہ سندھ کو شامل نہیں کیا گیا- اس سلسلے میں ایک بات بتا دوں کہ صوبہ سندھ کا جو صوبائی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور وزارت ہے ' اس کو بھی نہیں بتایا گیا ہے کہ اتنے بڑے پراجیکٹ کو صوبہ سندھ سے ختم کیا جا رہاہے - میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ اس بارے میں کچھ بتائیں گے -

جناب چیئرمین- آپ یہ خبر وزیر تعلیم صاحب کو دے دیں -

سید اصغر علی شاہ -میں اس کے بارے میں معلومات حاصل کرکے اس ایوان کو بتا دوں گا-

جناب چیئرمین- شکریہ - ڈاکٹر بلیدی صاحب - آپ کا کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے-

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ تین دن قبل جو CDA کی طرف سے ایک مسجد اسلام آباد کے ایریا میں شہید کر دی گئی تھی ، اس سلسلے میں ، میں نے راجہ صاحب سے رابطہ کیا تھا اور CDA کے چیئرمین سے بھی خود ملا تھا ۔ وہ اس پر متفق ہیں کہ ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو موقع پر جا کر مسجد کی جگہ کو دیکھے یا پھر راجہ صاحب کو کہا جائے کہ وہ ایک کمیٹی تشکیل دیں ۔

جناب چیئرمین۔ کمیٹی اس طرح سے تو نہیں بنتی ہے ۔ آپ راجہ صاحب سے بات کر لیں۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ راجہ صاحب میں نے سی ڈی اے مسجد کی جو بات کی تھی۔

جناب چیئرمین۔ یہ سی ڈی اے مسجد کے بارے میں ذکر کر رہے ہیں۔اس میں دیکھ لیں کہ کیا ہوا ہے ۔ اس کی کچھ اصلاح ہو سکتی ہے ۔ راجہ صاحب کو تفصیل دے دیں۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ ڈاکٹر صاحب نے اس دن اخبار بھی مجھے دی تھی۔ اس میں دو شدید رائے ہیں۔سی ڈی اے کا کہنا یہ ہے کہ وہاں کوئی پرانی مسجد نہیں تھی ۔بلکہ کوئی کوٹھری سی تھی اس کے اوپرمسجد کے مینار لگا کر مسجد بنائی گئی تھی۔ ایک اخبار اور کچھ لوگوں کا کہنا تھا نہیں یہ چارسو سال پرانی مسجد تھی اور پرانا یہاں دیہات کا سلسلہ تھا اور اسے بلاوجہ گرایا گیا ہے۔ تو ڈاکٹر بلیدی صاحب اور اس طرف سے ایک دو آدمیوں کی کوئی کمیٹی کی جائے۔۔۔

جناب چیئرمین۔ آپ کریں ، کیونکہ ہاؤس تو ایسی کمیٹی نہیں بنا سکتا ۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ ٹھیک ہے ۔

جناب چیئرمین۔ آپ کریں ۔ چوہدری شجاعت صاحب کل اقبال حیدر صاحب نے ایک پوائنٹ آف آرڈر واجد شمس الحسن کے بارے میں raise کیا تھا ۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا، آپ نے کل حکم فرمایا تھا ۔ میں نے ایف آئی اے سے جو رپورٹ لی ہے تو انہوں نے کہا ہے کہ ۹ مئی ۱۹۹۷ء کو دو ڈاکٹروں نے یہ رائے دی تھی کہ اب یہ صحت مند ہیں اور انہیں دوبارہ اڈیالہ جیل بھیج دیا جائے لیکن کل ہمارے سینیٹر صاحب نے کہا کہ اس کا میڈیکل بورڈ بٹھایا جائے ۔ میں اس سلسلے میں یہ کہوں گا کہ وزارت صحت کو کہا جائے گا کہ وہ اس سلسلے میں اگلے ہفتے بورڈ بٹھائیں اور بورڈ جو فیصلہ کرے گا اس سے

ہاؤس کو بھی آگاہ کر دیا جائے گا۔ اگر بورڈ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ ان کو دوبارہ پمز میں لایا جائے تو پھر واپس پمز میں لے جایا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ' اعتزاز احسن صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ بورڈ کے مسئلے پر میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں چونکہ واجد شمس الحسن صاحب کا مسئلہ تھا۔ with apoligeis to my learned friend واجد شمس الحسن صاحب ہمارے ہائی کمشنر رہے ہیں۔ بڑے نفیس اور شریف النفس قسم کے آدمی ہیں۔ بڑے سنیئر جرنلسٹ تھے۔ ایک بورڈ نے کہہ دیا تو ان کو اڈیالہ جیل بھیج دیا گیا۔ ہمیں بڑی تشویشناک خبریں ان کے بارے میں آ رہی ہیں۔ اگر منسٹر صاحب مناسب سمجھیں تو ایک فریش بورڈ reconstitute کرکے۔۔۔

جناب چیئرمین۔ یہی انہوں نے کہا ہے۔

this is what I understand, a fresh board will be constituted to look into the matter.

چوہدری اعتزاز احسن۔ شکریہ' جناب۔

جناب چیئرمین۔ This is what I understand. جی فرمائیے۔

میاں رضا ربانی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میں آپ کے ذریعے حکومت اور بالخصوص انٹیریئر منسٹر کی توجہ پریس گیلری کی طرف دلاؤں گا۔ پریس نے آج ایک بار پھر واک آؤٹ کیا ہے اور میں انٹیریئر منسٹر صاحب کی نذر یہ بات کرنا چاہتا ہوں۔ پریس کے کچھ دوستوں نے ابھی بتایا ہے کہ ان کا واک آؤٹ اس سلسلے میں ہے کہ مسلم کانفرنس کے کوئی راجہ صدیق صاحب ہیں۔ کل انہوں نے' پاکستان' کے ایک جرنلسٹ زاہد صاحب پر فزیکل اٹیک کیا ہے۔ جب وہ وہاں پر اپنی پروفیشنل ڈیوٹی انجام دینے کے لئے گئے ہوئے تھے۔ تو اس لئے پریس کے دوستوں نے واک آؤٹ کیا ہے۔ میں انٹیریئر منسٹر صاحب کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں۔ اگر حکومت کی طرف سے انٹیریئر منسٹر یا کوئی جا کر پریس سے بات کر لے تو میرا خیال ہے وہ اپنا بائیکاٹ ختم کر دیں گے۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے مشاہد صاحب موجود ہیں۔ He can handle this

جی جناب صفدر علی عباسی صاحب - matter, please do that.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی- جناب حکومت اب اس حد تک گرتی جا رہی ہے کہ انہوں نے ذاتی حملے پاکستان پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ کے اوپر شروع کر دیئے ہیں-میں اس سلسلے میں عرض کرنا چاہوں گا کہ سیاست میں یہ جو ایک نیا ٹرینڈ دیا جا رہا ہے ---

جناب چیئرمین- اب لمبی بات نہ کریں -

ڈاکٹر صفدر علی عباسی-جناب میں لمبی بات نہیں کر رہا - یہ بہت اہم بات ہے -میں کوشش کرتا ہوں کہ اپنے آپ کو مختصر رکھوں اور آپ کی ہدایت پر عمل بھی کروں لیکن بات جب اس حد تک بڑھ جائے کہ حکومت تمام شریفانہ اور معتبر قسم کا جو طریقہ کار ہوتا ہے اس کو ختم کرکے ، حکومت کے ، بیوروکریسی کے کارندے فضول اور واہیات قسم کے جب حملے کرنے اپوزیشن کے اوپر شروع کرے ، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک گھٹیا بات ہوگی - بات جناب اگر political rival کی رہنی ہے تو مہربانی کرکے political rival ہی رہنے دیں - ذاتیات پر نہ جائیں- چونکہ اگر ذاتیات پر جائیں گے تو پھر کہانیاں بہت نکلیں گی - کہانیاں ٹیلیفون کی بھی نکلیں گی ، باغ جناح کی نکلیں گی ،اور بھی بہت سی کہانیاں نکلیں گی - میں صرف اتنا عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ حکومت ضرور احتساب کرے - چلیں اپنا نہ کرے ہمارا ہی کرے لیکن احتساب سے نکلکر ذات تک نہ جائے - مہربانی کرکے جو یہ رویہ ہے اس کو بالکل اختیار نہ کرے- جو لوگ ان کو اس راہ پر چلا رہے ہیں وہ اس حکومت کو تباہی اور بربادی کی طرف لے جارہے ہیں- شکریہ-

Mr. Chairman: I understand that there is consensus on the formation of committees, so we can bring that motion before the House and get it over with.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی - Actually جناب جو finalized ہوئی ہیں وہ Monday کو کرنی ہیں - میں نے راجہ صاحب سے بات کی ہے - ٹھیک ہے -

جناب چیئرمین- کیا اس میں رہ گیا ہے ؟

ڈاکٹر صفدر علی عباسی -وہ تھوڑا سا ٹائپنگ کرانی ہے -

جناب چیئرمین۔نہیں ۔ جو رہ گیا ہے مجھے دے دیں میں اس کو آگے پیچھے کر دوں گا ۔ ہاں ہاں میرا خیال ہے یہ ہو جائے تو اچھا ہے ۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ جناب راجہ صاحب کی لسٹ میں ہمارے نام نہیں ہیں ۔

جناب چیئرمین۔مجھے دے دیں میں ڈال دوں گا کیونکہ جو موشن آرہا ہے ۔ اس میں مجھے اختیار ہو گا کہ آپ کوئی نام شامل کرانا چاہتے ہیں تو کرسکوں گا ۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ جناب میری درخواست ہوگی کہ اس کو Monday پر رکھیں ۔ وہ کافی ناراض ہوئے تھے ۔ لیکن تھوڑی سی problem ہے ۔

جناب چیئرمین۔تو اس طرح کریں ۔ by the end of the day آپ اس میں نام ڈال دیں ۔ تو آج آخر میں کر لیتے ہیں ۔ let us get it over with سید قاسم شاہ صاحب ۔ آپ شاید کل تقریر فرما رہے تھے ۔ in fact آج اگر موقع مل گیا ۔ I can start hearing that matter today also تاکہ ختم کرلیں کام ۔ ٹھیک ہے رضا صاحب ۔ آج اگر وقت مل گیا تو we can start hearing argument on that today اگر وقت مل گیا ۔ اگر نہ ہوا تو we can do it on Monday or جی پورا دن تو نہیں کچھ وقت دے دیں گے ۔ جی قاسم شاہ صاحب۔

FURTHER DISCUSSION ON PRESIDENT'S ADDRESS.

سید قاسم شاہ۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! صدر پاکستان کا مشترکہ اجلاس، ۲۶ مارچ ۹۷ء کا خطاب اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جو باتیں انہوں نے کی ہیں وہ پورے ملک اور قوم کے لئے اور خاص کر حکومت کے لئے انتہائی اہم اور ضروری ہیں۔ قبل اس کے کہ میں کل بھی کہہ رہا تھا کہ صدر کے پاس اتنے اختیارات ہوتے تھے تو جو حکومت ان کی بات نہیں مانتی تھی، تو سابقہ ادوار کے اندر کئی حکومتیں ۸ویں ترمیم کے ساتھ ختم ہوئیں ۔ اس دفعہ موجودہ حکومت اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف اس بات پر مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ۱۳ویں ترمیم کرکے وہ اختیارات جو صدر صاحب کے تھے وہ ختم کردیئے ۔ جہاں اس بات پر پارلیمنٹ کو خوشی ہوئی وہاں موجودہ حکومت اور وزیر اعظم کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوا ۔چونکہ موجودہ حالات

بھی اسی طرح ہیں کہ جس طرح سابقہ حکومت کو ہٹانے کے لئے صدر نے جو اختیارات استعمال کئے تھے اور عوام کے اندر جو مایوسی تھی اور پوری قوم کے اندر یہ جو سوچ جاری تھی کہ اب آگے کیا بنے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پوری قوم نے جو مینڈیٹ موجودہ حکومت اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کو دیا ہے وہ اس بات کے حق بجانب ہیں کہ جو سابقہ مایوسیاں تھیں مایوسی بیروزگاری کی وجہ سے ' مہنگائی اور بے انصافی کی وجہ سے ' غربت اور افلاس کی وجہ سے ان کا قلع قمع کیا جائے گا ۔ جیسا کہ میں بھی اور سب جانتے ہیں کہ پچھلے سالوں کے اندر وہ ملک جو ہر لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت کی طرح ہمیں ملا اور وسائل کے لحاظ سے مالا مال تھا لیکن ہماری بدقسمتی سے پچاس سال کے اندر وہ لوگ ' جو معاشرے کے اندر سمجھدار تھے ' پڑھے لکھے لوگ تھے اور جن کو پاکستان بننے کے بعد ہر لحاظ سے عزت اور وقار نصیب ہوا ' کرسیاں ملیں تو انہوں نے پچاس سال کے اندر اس ملک کے تمام وہ وسائل بھی تباہ و برباد کئے ۔

میں یہ کہوں گا کہ جیسے کہ صدر صاحب نے بھی کہا اور ہم بھی جانتے ہیں کہ آج اس قوم کا ہر فرد چودہ ہزار روپے کا مقروض ہے اور حالت ہماری یہ ہے کہ قرضہ دینا تو درکنار ہم اس قرضے کا سود بھی نہیں دے سکتے ۔ اگر اس کا حساب کتاب لگایا جائے تو میں نے پہلے بھی یہ بات کی ہے کہ اگر اسی قرضے کو اپنے resources کو چھوڑ کر پاکستان کے اندر ہم استعمال کرتے تو آج پاکستان ایک ترقی یافتہ ملک ہوتا ۔ لیکن آج کی یہ ہماری حالت ہے 'اقتصادی کہیں ' سماجی کہیں وہ اتنی ابتر ہے کہ موجودہ حکومت کو یہ مینڈیٹ ملنے کے ساتھ تین مہینے کے اندر دوبارہ عوام کے اندر مایوسی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ان ہی لوگوں کی وجہ سے ہے جن لوگوں نے پچاس سال پاکستان کو لوٹا 'خواہ اس کے اندر بعض ہمارے سیاستدان بھی ہیں لیکن زیادہ تر وہ لوگ ہیں جو پاکستان بننے کے بعد آج تک وہ کرسیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں ' جن کو آپ جو بھی نام دیں ' بیوروکریسی کا نام دیں یا حکمرانوں کا نام دیں ' وہ لوگ موجود ہیں ۔

موجودہ حکومت کے بھی جو packages آئے ' جو پالیسی ہمارے سامنے آئی 'میں سمجھتا ہوں کہ ان کو ناکام کرنے کے لئے وہ لوگ جو ہر لحاظ سے مربوط ہیں ' مضبوط ہیں اور ان کا آپس میں اتحاد اور اتفاق ہے ' وہ ہر جگہ موجودہ حکومت کو بھی ناکام بنا رہے ہیں۔ جیسا کہ ابھی حال ہی میں آٹے کا جو بحران ہے یا عوام کے اندر جو مایوسی ہے دوبارہ یہ پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے کہ یہ حکومت بھی اس ملک اور قوم کو ان بحرانوں سے نہیں نکال سکتی۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہاں جس تیز رفتاری کے ساتھ آبادی بڑھی' یہاں جو منصوبہ بندی بھی ہوئی ، لوٹ مار اور کرپشن کی وجہ سے انہوں نے قوم اور ملک کو یہاں تک پہنچایا۔ ابھی اس بات کی ضرورت ہے کہ میں یہ کہوں گا کہ اس حکومت کو انقلابی اقدامات کرنے چاہئیں ورنہ جیسے میں نے کہا کہ وہ لوگ اپنی صفوں کے اندر انتہائی مضبوط ہیں ۔خدا نہ کرے کہ ہم مزید پھنس جائیں اور یہ حکومت بھی ناکام ہو جائے ۔ یہاں میں یہ کہوں گا کہ مجھے 1985ء کے بعد بہت سی حکومتوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا ہے اور آج میں اس امید کے ساتھ موجودہ حکومت کا ساتھ دے رہا ہوں کہ یہ ملک اور قوم کے مفاد میں ہے۔ اب اس حکومت کو ان تمام سابقہ پچاس سال کے اندر جو غلط اقدامات ہوئے ہیں' ان کے لئے جیسے کہ ابھی تیرھویں ترمیم میں اپوزیشن نے بھی اس کا ساتھ دیا ہے اور ابھی بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن بھی ہر اس کام کے لئے اتفاق کرے گی جو ملک اور قوم کی بہتری کے لئے ہوگا ۔تو میں یہ کہوں گا کہ ابھی بھی میں نے جیسے کہا کہ مجھے بھی یہ تجربہ ہے اور بعض اوقات یہ باتیں سننے میں آتی ہیں کہ جی اس میں شبہ نہیں ہے کہ سینٹ وفاق کی علامت ہے اور وفاق جو ہے وہ چار اکائیوں پر مشتمل ہے اور یہاں اس سینٹ کے اندر بھی یہ بات ہوئی کہ آج ملک کے اندر انتشار ہے' فرقہ واریت ہے ،علیحدگی کی بیماریاں موجود ہیں وہاں یہ بات کہی جاتی ہے کہ یہ چار اکائیاں جو ہیں 'یہ قرآن شریف کا لفظ ہے ۔اسی کو مضبوط کیا جائے ۔اسی کو مزید اختیارات دئیے جائیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جہاں اور بیماریاں ہیں وہاں سب سے بڑی بیماری یہ ہے کہ پاکستان بنتے وقت سندھی ، بلوچی ، پٹھان اور پنجابی کی بات چلی اور میں سمجھتا ہوں کہ وفاق کا وہ کنٹرول نہیں رہا جس سے یہ تمام بیماریاں پیدا ہوئی ہیں ۔ میری آج بھی یہ تجویز ہے کہ ان چار اکائیوں کو ہٹا کر اس کی 15,20 اکائیاں بنا دی جائیں تاکہ ملک کے اندر جو یہاں سالمیت کو خطرہ ہے ' جو ملک کے اندر نفاق ہے ، حسد ہے یہ چیزیں ختم ہو جائیں اور یہاں یہ بات نہ ہو کہ ہم پٹھان ہیں یا میرے ایک بھائی جو بلوچستان کے پٹھان ہیں' اس نے کہا کہ پٹھانوں کو پچاس سالوں سے حقوق نہیں ملے اور ہمیں پختونستان دیا جائے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ہم کل یہ کہیں کہ ہمیں ہزارہ دیا جائے ، ہم ہندکو بولتے ہیں تو میں یہ کہتا ہوں کہ پاکستان کیسے ترقی کرے گا ۔ میں اس بات کی شدید مذمت کرتا ہوں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ پچاس سال کے اندر ہمیں صوبہ سرحد کے اندر پہلی مرتبہ وزیراعلیٰ کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع ملا ہے ۔ میں اس پر موجودہ حکومت کا شکریہ ادا کرتا

ہوں لیکن اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ یہاں پر کوئی ایسی بلیک میلنگ ہو کہ پختونخواہ صوبہ بن جائے یا یہ کہا جائے کہ یہاں پختون رہتے ہیں ۔ میں اس بات کی مذمت کرتا ہوں بلکہ میں حکومت کو تجویز دیتا ہوں کہ اس ملک کے اندر ان چار صوبوں کی لعنت کو ختم کر کے جہاں اور آئینی amendments کی جاتی ہیں' وہاں یہ amendment بھی کی جائے کہ یہاں 15,20 یونٹس ہوں تاکہ آسانی کے ساتھ یہ تمام جو بیماریاں ہیں' یہ کرپشن ہے' علیحدگی پسندی ہے' فرقہ واریت ہے۔ یہ جتنے کم یونٹ ہوں گے' پاور اتنی ہی decentralize ہو گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی بقاء' ترقی اور خوشحالی کے لئے انتہائی ضروری ہے ۔

جناب چیئرمین۔ قاسم شاہ صاحب ۔اب ختم کر لیں ۔

سید قاسم شاہ۔ جناب والا! میں ساتھ یہ بھی کہوں گا کہ پاکستان کی ترقی کا دارومدار ہماری قوم کے اتفاق اور اتحاد کے اندر ہے ۔ اس کے لئے جیسے کہ میں نے کہا کہ پٹھان' پنجابی اور بلوچی والی بات ختم کر کے اس کو بالکل ایک اکائی بنایا جائے اور انتظامی لحاظ سے بہت سارے یونٹ بنائے جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ہماری کامیابی ہے ۔میں اسی پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی بہت مہربانی ۔جی پرویز رشید صاحب ۔ آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب والا! میرا بھی نام تھا۔

جناب چیئرمین۔ حبیب جالب صاحب ! آپ کا نام پکارا گیا تھا ۔ 13.5.97 کو آپ غیر حاضر تھے ۔ اب میں آپ کو اجازت نہیں دے سکتا۔ You were absent on 13.5.97. Your name was called. جی پرویز رشید صاحب ۔ اگر وقت ہوتا تو I would have allowed you but because we have no time,so sorry, I can't accommodate any more requests now --

آپ13.05 کو غیر حاضر تھے۔ آپ کا نام پکارا گیا تھا۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔جناب والا! میں اسلام آباد میں ہی نہیں تھا۔

جناب چیئرمین۔ آپ نہیں تھے اسی لئے تو میں کہہ رہا ہوں ۔اگر وقت ہوتا تو You see, today is the last day. اگر وقت ہوتا تو one can accommodate but all those

names which were called and were absent can't be accommodated today

جناب ثناء اللہ خان زہری صاحب آپ because we have to finalize this debate today.

بھی 14.5.97 کو غیر حاضر تھے ۔ گل آفریدی صاحب آپ بھی 13.5.97 کو غیر حاضر تھے ۔ بہرحال پرویز رشید صاحب ۔

سردار ثناء اللہ زہری ۔ جناب پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین۔جی ثناء اللہ خان صاحب۔ فرمائیں جی۔

سردار ثناء اللہ زہری ۔جناب والا! آپ نے کہا کہ today is the last day. میں جمہوری وطن پارٹی اور پی این پی کا پارلیمانی لیڈر ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں اگر وقت ہوا تو میں آپ کو پارلیمانی لیڈر ہونے کی حیثیت سے کچھ وقت دے دوں گا ۔

جناب ثناء اللہ زہری۔ ہم تیاری کر رہے ہیں ۔ہم آج نہیں کر سکتے ۔

جناب چیئرمین۔ جناب ! میں آپ کو پارلیمانی لیڈر ہونے کی حیثیت سے as a special case, as a special concession وقت دے دوں گا لیکن I can't accommodate everybody today.

سردار ثناء اللہ زہری۔جناب! آج تو میں تیاری کر کے نہیں آیا ہوں ۔

Mr. Chairman: Today we have to finalise, if you can't do it today then I am sorry, we can't do it. It has to be finalize today.

جناب ثناء اللہ زہری۔ تو پھر ایسے کریں کہ حبیب جالب صاحب کو وقت دے دیں۔

جناب چیئرمین۔ چلیں دیکھتے ہیں ۔ وقت ہوا تو I can give some concession. جی جناب پرویز رشید صاحب۔

جناب خدائے نور۔ جناب میرا بھی نام لسٹ میں تھا۔

جناب چیئرمین۔مہربانی کر کے آپ بیٹھ جائیں ۔ اگر وقت ہوا تو میں دیکھ لوں گا۔

اگر وقت نہ ہوا تو میں معذرت کر لوں گا۔جی پرویز رشید صاحب۔

جناب پرویز رشید۔ جناب چیئرمین ! آپ کا بہت بہت شکریہ۔سینٹ میں جناب صدر صاحب کے پارلیمنٹ سے خطاب پر میرے دوستوں نے ایوان کی دونوں جانب سے اظہار خیال کیا ہے اور مجھے بھی آج آپ نے یہ موقع عنایت کیا ہے کہ میں بھی اپنی گزارشات پیش کرسکوں۔ جناب والا ! جن مسائل کا آج ہمیں سامنا ہے اس میں اولیت پاکستان میں امن و امان کے قیام کو ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کی ضرورت ہے اور معیشت کی بحالی جوکہ اس وقت پاکستان کے لئے انتہائی ------

جناب چیئرمین: ثناء اللہ زہری صاحب آپ اپنی جانب سے ایک شخص کو nominate کر دیں۔ I try to accommodate him. آپ کے گروپ سے ایک آدمی بول لے۔تو آپ choose کر لیں۔ I will come back to you later on. جی جناب پرویز رشید صاحب۔

جناب پرویز رشید : مجھے امید ہے کہ میری تقریر کے دوران جو گفتگو کی جاتی رہی ہے وہ وقت آپ مجھ سے نہیں کاٹیں گے۔

جناب چیئرمین : نہیں کاٹوں گا۔

جناب پرویز رشید : شکریہ بہت بہت۔ جناب والا! امن و امان کا قیام اور دہشت گردی کے واقعات اس وقت پاکستان کے عوام کے اوپر ایک عذاب کی طرح نازل ہو رہے ہیں۔ دہشت گردی جس کو فرقہ پرستی کی آڑ میں پاکستان میں پھیلایا جا رہا ہے اور جس کی لپیٹ میں پاکستان میں رہنے والے عوام آ چکے ہیں۔ گھر سے نکلنے والے کسی بھی فرد کو خواہ وہ عبادت کے لئے نکلے، کاروبار کے لئے یا تعلیم حاصل کرنے کے لئے ، اس کی زندگی محفوظ نہیں رہی۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ کوئی آگے بڑھتا، مسجد کے سامنے، امام بارگاہ کے سامنے اور کہتا کہ جو لوگ دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں ان کا تعلق مذہب اسلام سے نہیں ہے کیونکہ پاکستان میں یہ روایت رہی ہے کہ اگر چاند پر پہنچنے کے واقعہ کو بھی تسلیم کرنے کو دل نہ کیا تو کہہ دیا کہ جس نے چاند پر جانے کو تسلیم کیا اس کا نکاح ٹوٹ گیا۔ تو اولین ذمہ داری تھی علماء کرام کی کہ وہ دہشت گردی میں ملوث افراد کو نہ صرف روکتے بلکہ انہیں یہ تنبیہ کرتے کہ جو بھی قوتیں اس کام میں مصروف ہیں ، مذہب اسلام سے ان کا کسی قسم کا تعلق نہیں ہے لیکن افسوس اس بات

کا ہے کہ تحریک پاکستان میں حصہ لینے والے علماء کرام یا ختم نبوت میں قربانیاں دینے والے علماء کرام بھی اس مسئلے کو اپنی گرفت میں نہ لے سکے اور اسلام کے نام پر قتل و غارت گری کا سلسلہ پاکستان میں بڑھتا چلا گیا۔

جناب والا! صرف اس حد تک بھی بات نہ تھی ' بات اس سے تھوڑی سی آگے بڑھ جاتی ہے کہ آیا دہشت گردی کے یہ واقعات روکنے کی ذمہ داری جن باقی لوگوں پر تھی، جن اداروں پر تھی' انہوں نے بھی اپنا فریضہ انجام دیا ہے یا نہیں۔ جب ہم تفصیل سے واقعات کو دیکھتے ہیں تو جو چیز منظر عام پر آتی ہے وہ یہ ہے کہ بدقسمتی سے اس میں خود وہ ادارے ملوث ہو گئے جن کے ذمے اس دہشت گردی کو روکنا تھا۔ میں خصوصی طور پر اس میں ذکر کرنا چاہوں گا سپیشل برانچ کے ایک سابق سربراہ کا جن کا نام طارق احمد لودھی تھا جو کراچی میں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث رہے اور یہاں پر موجود MQM کے حضرات اس بات کی تائید کریں گے کہ انہوں نے کراچی میں حکومتی ایماء پر پاکستان پیپلزپارٹی کے دور حکومت میں دہشت گردی کے واقعات کو ترتیب دیا اور دہشت گردی کے واقعات کے master mind کے طور پر ان صاحب کو پنجاب میں بھیجا گیا۔ IB کے محکمے کو پولیس کے آئی۔ جی سے علیحدہ کر کے پاکستان پیپلزپارٹی کے ایک صوبائی وزیر کے ماتحت کیا گیا اور لاہور میں دہشت گردی کے واقعات کی management کی گئی، لاہورمیں دہشت گردی کے engineered واقعات کرائے گئے۔ پہلا واقع دیال سنگھ کالج میں کیا گیا' اس کی لائبریری کو آگ لگائی گئی۔ دوسرا واقع کینٹ کی ایک میڈیکل shop میں کیا گیا۔ جناب والا! افسوس کی بات یہ تھی کہ نہ صرف ان واقعات کو engineered کیا گیا بلکہ پاکستان مسلم لیگ سے تعلق رکھنے والے سیاسی کارکنوں کو ان واقعات میں گرفتار کیا گیا۔ مجھے اپنے بارے میں گفتگو کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتا ' اس لئے میں یہاں ان تین واقعات کی تفصیل بیان نہیں کرنا چاہوں گا جو خود ذاتی طور پر مجھ پر گزرے، لیکن صرف مختصراً اتنا بتانا چاہتا ہوں کہ آخری دفعہ جس دن مجھے دہشت گردی کے ایک واقعہ میں طارق لودھی کے کہنے پر گرفتار کیا گیا اسی دن پاکستان مسلم لیگ سے تعلق رکھنے والے صوبائی اسمبلی کے ایک رکن نے حکومت کے علم میں ہندوستان کے ان ایجنٹوں کو لایا جو دہشت گردی کے واقعات میں ملوث تھے ۔ پاکستان مسلم لیگ جو کہ اس وقت اپوزیشن میں تھی اس کی وجہ سے ممکن ہوا کہ دہشت گردی میں ملوث کچھ افراد کو گرفتار کیا جائے۔

جناب والا! اگر یہ بات ان اداروں کے سربراہوں تک رہتی ' بات اگر صرف مجھ جیسے سیاسی کارکنوں سے سیاسی انتقام لینے کی حد تک رہتی ' تب بھی میں اس کا ذکر نہ کرتا۔ مجھے اس کا ذکر اس لئے کرنا پڑا کہ ان واقعات میں پاکستان میں حکومت پر فائز سب سے بڑا گروہ ' سب سے بڑا جوڑا خود ملوث ہو گیا اور پھر تاریخ نے پاکستان میں وہ افسوسناک دن بھی دیکھا جب وزیر اعظم بےنظیر بھٹو کے بھائی کو اسی دہشت گردی کا شکار ہونا پڑا ۔ قائد حزب اختلاف کاش یہاں پر موجود ہوتے ' انہوں نے اپنی تقریر میں اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم کا بھائی قتل ہوا اور وزیر داخلہ کا بھائی بھی قتل ہوا ۔ جناب والا! یہ درست ہے کہ وزیر اعظم پاکستان جو پیپلزپارٹی سے تعلق رکھتی تھیں ان کا بھائی قتل ہوا۔ یہ بھی درست ہے کہ پاکستان مسلم لیگ سے تعلق رکھنے والے وزیر داخلہ کا بھائی بھی اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا' لیکن جناب والا وزیر اعظم پاکستان پیپلزپارٹی کا بھائی خود اپنی بہن کی دہشت گردی کا شکار ہوا جبکہ وزیر داخلہ کا بھائی دہشت گردی کے خلاف لڑتا ہوا شہید ہوا۔ یہ فرق ہے پاکستان پیپلزپارٹی میں اور پاکستان مسلم لیگ میں کہ یہ دہشت گردی اپنی ذات کے لئے کرتے ہیں ' پاکستان مسلم لیگ سے تعلق رکھنے والے وزراء کے بھائی اور احباب اپنی جان کو پاکستان کے لئے قربان کرتے ہیں۔

جناب والا! میں مختصراً آپ کی خدمت میں معیشت کی بحالی کے حوالے سے بھی ایک دو گزارشات کرنا چاہوں گا۔ یہ درست ہے کہ آج پاکستان کی چار ہزار صنعتیں بند پڑی ہیں۔ یہ بھی درست ہے کہ برصغیر کی تاریخ میں صنعت کا پہیہ دو دفعہ بند ہوا ' پہلی دفعہ صنعت کا پہیہ بند ہوتا ہے جب ایسٹ انڈیا کمپنی برصغیر میں داخل ہوتی ہے ' مانچسٹر کے کارخانوں کو چلانے کے لئے ڈھاکے کی ململ بنانے کا عمل ختم کیا جاتا ہے اور دوسری دفعہ جب ملکہ وکٹوریہ کی جانشین اپنے آپ کو لاڑکانہ سے تعلق رکھنے والی وزیر اعظم کہلوانے والی پاکستان میں برسراقتدار آتی ہیں تو معیشت کا پہیہ رکتا ہے ۔ جناب والا! معیشت کی بحالی کے لئے بنیادی عنصر بجلی ہے جس کی قیمت اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ شاید پاکستان کے ارد گرد کے ممالک تو ایک طرف رہے' خطہ زمین پر اتنی مہنگی بجلی کا تصور نہیں کیا جا سکتا ۔ اس کی وجہ بھی صرف یہی تھی کہ انہوں نے اپنی لوٹ مار کے لئے جو معاہدے کئے ' اس میں نہ صرف مہنگی بجلی کی خرید کے وعدے کئے گئے بلکہ ضرورت سے زیادہ 80ہزار میگا واٹ بجلی خریدنے کے وعدے کئے گئے' جبکہ پاکستان کی کل ضرورت ابھی بھی 14 ہزار میگا واٹ سے نہیں بڑھتی تھی۔ جناب والا! نہ صرف یہ وعدے کئے گئے بلکہ یہ

بھی یقین دلایا گیا کہ وہ 40 فیصد بجلی جو واپڈا استعمال نہیں کر سکے گا' اس کے پیسے بھی ان کمپنیوں کو ادا کئے جائیں گے۔ اسی لئے 1998ء میں ہمارا واپڈا کا صرف بجلی کا خسارہ چالیس ارب روپے' 1999ء میں 80 ارب روپے اور جناب والا! جب ہم نئی صدی میں داخل ہونے کے لئے قدم اٹھائیں گے تو 200 ارب روپے کا خسارہ پاکستان بجلی کی مد میں برداشت کرے گا اور یہ روپیہ جو پاکستان کے عوام کے خون پسینے سے پھر نچوڑا جائے گا' یہ کس کی جیب میں ہے؟ آج یہ سوال اہم ہے کہ یہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی جیب میں ہے چونکہ اس جال میں وہی پھنسا کر گئی ہیں۔ جناب والا! نہ صرف یہ کہ انہوں نے پاکستان کو اس عذاب میں مبتلا کیا ہے بلکہ اب وہ یہ پیشگوئیاں بھی کر رہی ہیں کہ پاکستان بحران کا شکار ہونے والا ہے اور یہ پیشگوئی اسی لئے ہے کیونکہ اس بحران کی بنیاد انہوں نے خود رکھی تھی۔ اس بحران کو انہوں نے جنم دیا تھا اور جناب والا! جس بحران کو انہوں نے جنم دیا' اب وہ جب ہمارے سروں پر سوار ہو گیا تو خود آرام کرنے کے لئے وہ امریکہ تشریف لے جا چکی ہیں۔

جناب چیئرمین: جی پرویز صاحب آپ wind up کر لیں۔

جناب پرویز رشید: جناب والا! میں آپ کی خدمت میں ضروری امر لانا چاہتا تھا' ریکارڈ کی درستگی کے لئے کہ انہوں نے جناب صدر سے گلہ و شکوہ کرتے ہوئے' ان کے بارے میں کچھ فرمایا۔ صدر کے آئینی عہدے کے بارے میں ان کی جو شکایات تھیں' میں ان کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ جناب صدر کی ذات سے انہیں جو شکایات ہیں وہ ان کا اور جناب صدر کی ذات کا معاملہ ہے۔ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں لیکن جب یہ فرماتے ہیں کہ صدر نے (58(2)(b کا استعمال کر کے ان سے زیادتی کی یا جب یہ فرماتے ہیں کہ صدر پاکستان مسلم لیگ کو اقتدار میں لائے۔ تو جناب والا! میں صرف اعداد و شمار سے یہ بات پیش کرنا چاہتا ہوں آپ کی خدمت میں کہ صدر کے (58(2)(b کے فیصلے کی نہ صرف پاکستان کی سب سے بڑی عدلیہ نے توثیق کی بلکہ عوام نے خود3 فروری کو اس فیصلے کی توثیق کی۔ جناب والا! 1993ء کے انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ کو 79 لاکھ 80 ہزار ووٹ ملے تھے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کو اس سے 11 لاکھ کم ووٹ ملے تھے۔ لہذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ غلام اسحاق خان کے فیصلے کی توثیق نہ صرف اس وقت عدلیہ نے نہ کی بلکہ پاکستان کے عوام نے بھی نہیں کی لیکن 1997ء کے انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ کو 87

لاکھ 63 ہزار 241 ووٹ ملے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کو 34 لاکھ 29 ہزار ووٹ ملے۔

جناب والا! ان اعداد و شمار کی روشنی میں، میں اپنے ان دوستوں کی خدمت میں یہ بات پیش کرنا چاہتا تھا، اور میری خواہش تھی کہ کاش وہ یہاں بیٹھے ہوتے اور اس بات کو سنتے کہ یہ جو دس لاکھ ووٹ پاکستان مسلم لیگ کو زیادہ ملے، اور جو 41 لاکھ ووٹ پاکستان پیپلز پارٹی کو کم ملے، یہ بذات خود دلیل ہے کہ صدر کے فیصلے کی پاکستان کے عوام نے توثیق کی ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی خود اپنے ووٹروں کے اعتماد کو کھو چکی ہے۔

جناب والا! میں آپ کی خدمت میں صرف ایک شعر عرض کرنا چاہتا تھا

گھر میں تھا کیا کہ تیرا غم اسے غارت کرتا
اک حسرت تعمیر تھی سو اب بھی ہے

انشاء اللہ تعالیٰ جس گرداب میں پاکستان کو یہ پھنسا کر گئے ہیں، پاکستان مسلم لیگ نواز شریف صاحب کی قیادت میں پاکستان کو اس گرداب سے باہر نکالے گی۔ شکریہ

جناب چیئرمین: جی جناب احسان الحق پراچہ صاحب، غیر حاضر ہیں، جناب محمد افضل لون صاحب، غیر حاضر ہیں، جی جناب جالب صاحب آپ بولیں گے، جی آپ کے گروپ کی جانب سے کون بولے گا؟ جی جی فرمائیے۔

ایک معزز رکن: جناب والا! اگر ہمارے دونوں خدائے نور صاحب اور جالب صاحب کو دس دس منٹ دے دیں۔

جناب چیئرمین: یہ دستور نہیں ہے، کیونکہ وہ غیرحاضر ہو گئے ہیں اس لئے وقت نکل آیا ہے۔ جی جناب------

جناب خدائے نور: جناب والا! وہ غیرحاضری بھی مجبوری تھی ---

جناب چیئرمین: نہیں مجبوری کوئی نہیں ہوتی، ہاؤس میں حاضر ہونا، جب debate ہو رہی ہو تو آپ کا فرض ہے، اور اصول یہی ہوتا ہے کہ اگر آپ غیرحاضر ہیں تو پھر دوبارہ موقع نہیں ملتا، لیکن آج وقت ہے تو اس لئے چلیں آپ کو وقت دے دیتے ہیں---

جناب خدائے نور: جناب والا! میں صدر مملکت کی تقریر کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہوں۔ پہلا اہم پہلو جو ہے، اس کے لئے یہ ضرور کہوں گا کہ خرابی بسیار کے بعد انہوں نے

جو ایکشن لیا وہ قابل تحسین ہے ' اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے ایک ظالم حکومت' کرپٹ حکومت سے پاکستان کے عوام کو اور خاص کر میں یہ کہوں گا کہ بلوچستان اور سندھ یعنی کراچی کے عوام کو نجات دلائی۔ یہ اختیارات جو ان کو حاصل تھے' ہماری یہ خواہش بلکہ مطالبہ تھا کہ وہ بہت پہلے استعمال کرتے۔ شاید اگر وہ استعمال کرتے تو آج جو ملک میں اتنی خرابیاں ہو رہی ہیں ' وہ نہ ہوتیں' ان کا تدارک ہو چکا ہوتا۔ بہرحال دیر آید درست آید۔ عوام نے بھی فروری 1997ء کے انتخابات میں اس کی توثیق کی' اس میں کوئی شک نہیں۔ اس کے بعد امن و امان کے مسئلے پر بھی صدر صاحب نے اظہار خیال کیا۔ امن و امان کا مسئلہ اس وقت صرف پنجاب تک محدود نہیں کہ پنجاب میں امن وا مان کا مسئلہ بگڑتا جا رہا ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ یہ مسئلہ پورے ملک میں پھیلا ہوا ہے۔ پورا ملک اس کی لپیٹ میں ہے۔ امن و امان کا مسئلہ روز بروز خراب سے خراب تر ہوتا جا رہا ہے۔ چاہے اس کو آپ نام فرقہ واریت کا دیں' ان کو نام ڈاکوؤں' لٹیروں اور دہشت گردوں کا دیں۔ لیکن امن و امان کے حالات ملک میں خراب ہیں' اس کے لئے میرا میاں محمد نواز شریف صاحب سے مطالبہ ہے کہ ان کو اس جانب اپنی پہلی فرصت میں ' عوام کی جان و مال کی حفاظت کے لئے' اس کی عزت و آبرو کے لئے اس طرف توجہ دینی چاہیئے۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ اس سے حکومت کی بدنامی ہو رہی ہے۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی اصل وجہ محض اقتصادی بھی ہے اور سماجی بھی ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ نوجوان نسل اپنی تعلیم کی طرف راغب ہوتی' ان کے ہاتھ میں قلم ہوتا' کتاب ہوتی لیکن حالات نے اتنا اس طرف دھکیلا ' ان حالات میں مہنگائی بھی ہے' ان حالات میں بیروز گاری کا بھی عنصر ہے کہ انہوں نے ان کو اس بے راہ روی کی طرف دھکیلا اور انہوں نے کلاشنکوف اٹھا کر کے ایک غلط راستہ ' ایک غلط طریقہ استعمال کیا ۔ جس کا تدارک ہونا بہت ضروری ہے ۔ لیکن میں یہ کہوں گا کہ پچھلے دور میں' پچھلی حکومت نے کلاشنکوف کو فروغ دینے میں جتنا کام کیا اس کی وجہ ہے کہ یہاں پر امن و امان خراب ہے ۔ہزاروں' میں تو کہتا ہوں لاکھوں کی تعداد میں کلاشنکوف کے پرمٹ جاری کئے گئے۔ بے دریغ جاری کئے گئے ۔ بغیر کسی جانچ پڑتا ل کے جاری کئے گئے ۔ صرف ایم این اے یا ایم پی اے نے تصدیق کی تو کلاشنکوف ان کو دے دی گئی ۔

جناب چیئرمین میں ڈیرہ بگٹی کا حوالہ ضرور دوں گا اسی بناء پر کہ یہ جو کچھ دہشت گردی وہاں ہوئی جو آج بھی ہے' افسوس کے ساتھ مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہاں آج بھی وہی حالت ہے

جو آج سے چار مہینے پہلے تھی ۔جناب چیئرمین ایک آئین کا محافظ اگر دہشت گردوں کی حوصلہ افزائی کرے تو پھر امن و امان کیسے قائم رہ سکتا ہے ۔ سابق گورنر بلوچستان ڈیرہ بگٹی میں ان دہشت گردوں کے ساتھ جنہوں نے پورے ملک میں، پنجاب میں، سرحد میں، گجرات میں، ملتان میں دہشت گردی کی، لوگوں کو بے گناہ قتل کیا ان کو وہاں اس نے پناہ دی اور ان کو کلاشنکوف کے پرمٹ جاری کئے ۔ میں ایک واقعہ کا ذکر ضرور کروں گا کہ ایک خاتون وزیراعظم کے سابق دور میں وہاں خاتون کی بے حرمتی کی گئی ۔ایک خاتون کی میت قبرستان لے جائی جا رہی تھی تو ان دہشت گردوں نے جو سابق گورنر کے پالتو تھے اس جنازے پر فائرنگ کی ۔مرحوم خاتون کا شوہر اس فائرنگ سے وہاں سڑک کے کنارے شہید ہوا ۔ دس قدم پر وہاں ایف سی کی چیک پوسٹ ہے ان کے ہوتے ہوئے یہ واقعہ پیش آیا ۔ دوسرے دن جناب چیئرمین سابق گورنر بلوچستان وہاں پہنچتے ہیں ۔ہم یہ سمجھے کہ شاید خاتون وزیراعظم نے ان کو یہ کہا ہوگا کہ ایک خاتون کی میت پر یہ فائرنگ کی گئی ہے وہاں جا کر ان کی حوصلہ افزائی کرو۔ لیکن ہوا کیا 'وہ وہاں ان ہی دہشت گردوں کے پاس گیا اور لنچ کیا اور چائے پی اور شاباش دی کہ تم تو بڑے کام کے لوگ ہو ۔ یہ اخباری بیان ہے اس کا اخبار والوں کے ساتھ سابق گورنر کی بات چیت ہے ۔یہ ایک ریکارڈ ہے۔ تم تو بڑے اچھے آدمی ہو ، کام کے آدمی ہو ، وہیں بیٹھ کر ان کو بیس کلاشنکوف کے پرمٹ اسی جگہ پر جاری کر دئیے گئے ۔ امن و امان کیسے قائم ہوگا اور ان کا ایک وزیرداخلہ خر بے دم جس کو نصیر اللہ بابر کہا جاتا ہے۔ کراچی میں خر بے دم نے کیا کیا۔ ہمارے ہاں پشتو میں یہ اس کو کہاجاتا ہے جو عقل سے عاری ہو ۔ اس کو خر بے دم کہا جاتا ہے ۔اس نے کراچی میں کیا حالت کی ۔

جناب چیئرمین۔ خر بادم جو ہوتا ہے وہ عقل مند ہوتا ہے اس کا مطلب ہے ۔

جناب خدائے نور۔ فقط دم ہی نہیں ہوتی بلکہ ہوتا خر ہی ہے 'دم ہوتی ہی نہیں تو انہوں نے کراچی میں کیا قتل غارت و گری کی 'اس کی ایک تاریخ ہے ۔اس کا بھی بیان ہے کہ ماورائے قانون کے اس نے جو کچھ وہاں کیا 'اس نے کہا ہم کسی کو سزا نہیں دلوا سکتے تو یہ طریقہ کیا ہے جناب چیئرمین یہ ریکارڈ پر ہیں سب چیزیں ۔ میں صدر مملکت سے یہ پوچھنا ضرور چاہوں گا کہ انہوں نے اپنی تقریر میں ان سب کا حوالہ دیا۔ کیا اس وقت ہم نے اس کے نوٹس میں یہ باتیں نہیں لائیں ۔ میں بذات خود ملا ، میر عبدالجبار اور سردار بشیر احمد ترین ان سے ملے ان حالات

سے ان کو آگاہ کیا لیکن کیونکہ اس وقت (پشتو) اس وقت وہ ان کا جیالا تھا۔ ان کو یہ باتیں پسند نہیں آئیں تھیں چنانچہ کوئی ایکشن نہیں لیا۔ ایک کان سے سنا دوسرے سے نکالا تو جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ آج جو بحران ہے ' چاہے وہ آٹے کا ہے' چاہے چینی اور گھی کا ہے' چاہے امن و امان کا یہ سب انہی کی حکومت کا کیا دھرا ہے ' انہی کی حکومت کی وجہ سے ہے۔ اس موجودہ حکومت کو ورثے میں ملا ہے۔ اگر صدر مملکت اس خرابی بسیار سے پہلے ہی اس کی چھٹی کر دیتے تو شاید آج نہ گندم کی shortage ہوتی ۔ گندم کون کھا گیا' کون کھا گیا ہے گندم۔ کیا دو مہینے میں میاں نواز شریف نے اس گندم کو ہڑپ کیا ' ناممکن ' ہو نہیں سکتا ۔ یہ پہلے سے گودام خالی کر دیئے گئے تھے۔ ہمارے بلوچستان میں ایک ایم پی اے' دوسرے یہاں سے چلے گئے ہیں ڈاکٹر صاحب ' ایک ایم پی اے ' اس کی پارٹی کے ٹکٹ پر elect ہونے والا ایک ایم پی اے نے کروڑوں کی' کروڑوں کی گندم کو ادھر سے ادھر کر دیا جبکہ اس وقت وہ وزیر خوراک تھا۔

جناب چیئرمین۔ اب wind up کر دیں خدائے نور صاحب۔

جناب خدائے نور۔ جناب والا! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے time دیا غیر حاضری کے باوجود۔ میں آخر میں صرف یہی عرض کروں گا کہ میں نے تو اپنی تقریر کوئی بیس منٹ کے حساب سے بنائی تھی لیکن بہرحال آپ نے دس منٹ دے کر پھر بھی میرے اوپر احسان کیا۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں۔ میں صرف موجودہ حکومت سے ' میاں صاحب سے یہ کہوں گا کہ احتساب کے عمل کو تیز کیا جائے۔ احتساب کی زد میں جو بھی آ رہا ہے' بڑا ہو' چھوٹا ہو ' ان کو نہ بخشا جائے اور آخر میں یہ کہوں گا کہ میں نے چیف احتساب کمشنر کو ایک ریفرنس نگران حکومت کے دور میں ثبوت کے ساتھ پیش کیا تھا اپنی طرف سے پارٹی کے سیکرٹری جنرل کی حیثیت سے ' لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہاں پہ جو منظور نظر ہیں وہ تو اس کی زد میں نہیں آتے ہیں ' جو منظور نظر نہیں ان پہ شاید احتساب کا ریفرنس بھیج دیتے ہیں۔ میرے اس ریفرنس پہ آج تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے۔ اس میں ' میں نے پانچ آدمیوں کی نشاندہی کی تھی جس میں نصیر اللہ بابر' گورنر بلوچستان اور دو ' ایک امین جو بیت المال کا تھا اور ایک زرداری کے مشیر تھے اور ایک زرداری بذات خود تھا لیکن اس پہ کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے۔ میں آپ کے

توسط سے پھر احتساب کمیشن سے یہ گزارش کروں گا کہ ان پہ عمل کیا جائے، ان پر ریفرنس لایا جائے، عوام کے سامنے لایا جائے۔ میں جناب والا! آپ کا مشکور ہوں، آپ کا ممنون ہوں۔ آپ نے مجھے time دیا۔ آپ نے warning دی کہ wind up کر لیں۔ میں اسی پہ ----------

جناب چیئرمین۔ شکریہ جناب۔ جہانگیر بدر صاحب 'absent' حاجی عبدالرحمان صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب! میں ایک منٹ وضاحت کر دوں۔

جناب چیئرمین۔ بعد میں، بعد میں۔ حاجی عبدالرحمان صاحب۔ کام ختم کر لیں یہ بعد کی باتیں ہیں۔ حاجی عبدالرحمان صاحب۔

حاجی عبدالرحمٰن۔ نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین۔ آپ کا شکریہ۔ جناب صدر صاحب کی تقریر پر ہمارے دوستوں نے بہت علمی جامع اور ہر پہلو پر روشنی ڈالی، تقریریں کیں۔ جناب میں-----

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ جی۔ مشاہد حسین صاحب میرے خیال میں راجہ ظفرالحق صاحب کو بلا لیں کیونکہ انہوں نے wind up کرنا ہے۔ We are now approaching the stage where he may be called upon to wind up the debate جی حاجی عبدالرحمان صاحب۔

حاجی عبدالرحمٰن۔ جناب صدر نے ملک کے اندرونی اور بیرونی مسائل پر موجودہ حکومت کو غور کرنے کے لئے جو تجاویز اور جو نشاندہی کی۔ امید ہے ہماری حکومت اس پر فکر کرے گی، غور کرے گی اور اس سے پہلے جو غلطیاں ہوئی ہیں۔ یا جوہماری کمزوریاں ہیں اسے انشا اللہ ہماری موجودہ حکومت دور کرنے کی کوشش کرے گی۔جناب صدر نے اپنی تقریر میں پورے ملک کے بارے میں فرمایا۔ چاروں صوبوں کے بارے میں فرمایا اور قبائل کے بارے میں صرف اتنا فرمایا کہ انہوں نے بالغ رائے دہی کا حق ان کو دیا ہے۔ ہم ان کے بہت مشکور ہیں کہ انہوں نے ایک بہت بڑا کارنامہ کیا اور قبائل کو بنیادی حقوق میں سے ایک حق تو کم از کم مل گیا کہ ان کا ووٹ ڈالنے کا جو حق تھا، جس سے وہ محروم تھے وہ مل گیا۔ لیکن ہمارا ایک شکوہ ہے کہ ان سے ہم یہ بھی عرض کرنا چاہتے ہیں کہ پاکستان کے بننے کے وقت اور پاکستان کے بنانے میں قبائل نے جو کچھ قربانیاں دیں اور قائد اعظم نے ان کے ساتھ جو وعدے اور معاہدے کیے اس پر ابھی تک کوئی عمل نہیں ہوا۔ پچاس سال گزر گئے قبائل اس طرح ہیں۔ ان کو آج صرف صدر صاحب

نے بالغ رائے دہی کا حق دیا - کوئی بتائے کہ ان کو اور کیا مراعات یا کیا چیزیں دی گئی ہیں - اسی طرح محروم ہیں - ابھی تک وہاں نہ سڑکیں ہیں نہ وہاں بجلی ہے نہ بنیادی حقوق--- ان کا قانون ہے اس میں بھی جو ان کے بنیادی حقوق ہیں ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہیں- کوئی تبدیلی یااس پرکوئی فکر اور غور نہیں ہوا ہے - وہاں ایسے علاقے ہیں جہاں ابھی بھی پینے کے پانی کے لیے لوگپندرہ پندرہ بیس بیس میل جاتے ہیں اور وہ پانی لاتے ہیں جس میں کیڑے ہوتے ہیں اور کپڑا ڈال کر اس کو پیتے ہیں-بارش کے پانی کو - اور وہاں ابھی بھی جو بنیادی حق ہے بچوں کی تعلیمکا ، کوئی سکول نہیں ہے- ایسے علاقے ہیں جہاں کوئی ہسپتال نہیں ہے- بجلی ابھی تک نہیں ہے- بار بار کہا جاتا ہے کہ آپ بجلی کا بل نہیں دیتے - ہم کس چیز کا بل دیں - بجلی تو وہاں ہے نہیںاور ان لوگوں کی بجلی بھی نہیں ہے ان سے بجلی کا بل لیا جاتا ہے - ان سے پاسپورٹ پر شناختیکارڈ پر کسی وقت جب رجسٹریشن اگر ان کی ہوتی ہے تو ان سے بل لیا جاتا ہے کہ یہ بجلی کا بل ہے - ہمیں یہ ابھی تک معلوم نہیں کہ یہ پیسہ کہاں جاتا ہے یہ کس کے پیٹ میں جاتا ہے -ابھی تک یہ حکومت کو کیوں نہیں ملا -

جناب چیئرمین ! قبائل کے ساتھ جو وعدے کیے گئے ہیں ' جن معاہدوں پر انہوں نے اس ملک کے بنانے میں اور قائد اعظم کا ساتھ دینے کا جووعدہ کیا ہے - ہم یہ امید کرتے ہیں کہ موجودہ حکومت جو قائد اعظم کی مسلم لیگ کا دعویٰ کرتی ہے - اور وہ پارٹی ہے امید ہے کہ اس پر عمل کرے گی اور ہمارے ان حالات پر غور کرے گی - قبائل کو بھی وہ حقوق دے گی اور وہ جو ان کی مشکلات ہیں ان کو دور کرنے کے لیے کچھ امید ہے کرے گی - جناب چیئرمین ! اس ملک میں جو حالات ہیں اور جو مشکلات ہیں - اس پر ہم نے ' ہمارے دوستوں نے کئی تقریریں کیں - کوئی کہتے ہیں کہ یہ علاج ہے کوئی کہتے ہیں کہ یہ علاج ہے - میں کہتا ہوں کہ یہ ملک جس مقصد کے لیے بنایا گیا تھا - اگر اس پر ہم نے عمل نہیں کیا --- اور جس نظام کے لیے ہم نے یہ ملک بنایا ابھی تک پچاس سال میں اس پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے ہم نے تو آدھا پاکستان کھو دیا اور آدھے پاکستان کی کیا حالت ہے- جو موجودہ نظام ہے یا دوسرے ممالک کے نظام ہیں- یہ سب ہم دیکھ چکے ہیں - ان ممالک کو ہمیں سٹڈی کر لینا چاہئیے اور اپنے نظام کو دیکھ لینا چاہیے - کہ اگر ایک قانون بناتے ہیں تو پھر مختلف قسم کی مشکلات دوسری طرف سے پیش آتی ہیں - اگر دوسرا بناتے ہیں تو دوسری قسم کی پیش آتی ہے - کیوں نہ ہم اس نظام کو نافذ کریں ملک میں

Then sir, on the 17th of January, 1997. Ch. Nisar Ali Khan, again meets the President, talks to him, tells him that Shahid Hamid is talking about a hung parliament," what has happened to our deal ". There is no contradiction. All of this is cited in newspapers. what I am quoting to you. These are not dates that have been manufactured. These are not dates that have come about by any other thing sir. Sir, from these dates, it clearly shows that there was a nexus between the President and the Prime Minister . But subsequent to the 3rd of February results, the nexus breaks. The nexus breaks, why because the common denominator no longer, in their terms remain. The anti-Benazir or the anti-Peoples Party coalition starts to crumble and that crumbling results in the 13th Amendment. We supported the 13th Amendment, we are proud of the fact that we supported the 13th Amendment. Why, because that was our principle stand from the moment it was introduced in the Constitution by Zia, the dictator that it mutilaties the form of the Constitution of 1973. It is changing the very basis of the Federal Parliamentary form of Government. We were against it then, we were against it yesterday. When we were in government, we called upon the leader of the Opposition, now the Prime Minister, to come forth and help us to do away with 58 (2) (b). But due to political expediency, he did not comeforth. But ours is not a game of political expediency. Ours is a politics of

priciples and regardless of the fact, that they piloted the Bill , we thought that it is in the larger interest of Pakistan. It is in the larger interest of Parliament. It is in the larger interest of political stability in this country that this question should finally come to an end. But after the 13th Amendment sir, and here I would take just one minute more, I would not indulge your patience any further. But after the 13th Amendment the way the things are flowing right now, it leaves us with a lot to ponder. To make my submissions in point sir,

1. On the question of terrorism. the Pakistan Peoples Party has always fought against terrorism. The Pakistan Peoples Party has, always openly, said that we will not support terrorism within Pakistan, nor will we allow the soil of Pakistan to be used for international terrorism. But terrorism cannot be done away with by bringing about amendments in the law, by bringing about amendments in Constitution. Terrorism can only be done away with if there is a political will of the government of the time. Terrorism can only done away with if the local population, where terrorism is taking place, is involved in the fight against terrorism and this the Pakistan Peoples Party did practically by showing that Karachi can be restored to normalcy. Terrorism cannot be done away with by bringing about an amendment in the Constitution. As far as the question of India is concerned, we welcome dialogue. we have always said that there should be good neighbourly relations between India and Pakistan but when we say that we have a caveat to that and that caveat is that (a) there can be no compromise on state sovereignty, (b) there can be no compromise on the outstanding issue of Jammu and Kashmir, there can be no compromise on the atrocities being committed by the Indian occupation forces. Yes, the question of Kashmir has to be solved through dialogue but the basic principle underlines the solution to the

question of Jammu and Kashmir through the United Nations Resolution cannot be overlooked. Thank you, sir.

جناب چیئرمین : بہت مہربانی۔ راجہ ظفرالحق صاحب۔

راجہ محمد ظفرالحق : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! صدر صاحب کے مشترکہ پارلیمانی اجلاس سے خطاب کے اوپر کئی دن سے بحث چل رہی ہے۔ یہ ایک ایسا موقع ہوتا ہے کہ جہاں ارکان نہ صرف صدر صاحب کے خطاب بلکہ پورے قومی ایجنڈے کے اوپر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں لیکن ایک چیز واضح طور پر سامنے آئی ہے وہ یہ ہے کہ PPP کے جن معزز ارکان نے اس بحث میں حصہ لیا ہے انہوں نے سب سے زیادہ صدر صاحب کی ذات کو ٹارگٹ بنایا ہے اور ہر طریقے سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ صدر صاحب کا یہ action انصاف اور اصولوں پر مبنی نہیں تھا اور اس کے پیچھے کوئی conspiracy تھی۔ انہیں یہ حق ہے کہ ان events کو جو معنی وہ پہنانا چاہیں اور elections کے جو نتائج نکلے ہیں انہیں ذہنی طور پر وہ قبول کریں یا نہ کریں۔ لیکن سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ سپریم کورٹ نے اس پر ایک حتمی فیصلہ دیا ہے اور اس فیصلے میں صدر صاحب کے جتنے دلائل تھے اسمبلی کو dissolve کرنے کے ان کو uphold کیا ہے۔ خیال تو تھا کہ PPP ۱۹۶۷ء میں قائم ہوئی اور اب ۱۹۹۷ء ہے۔ کم از کم ۳۰ سال پرانی جماعت ہے تو اس میں اتنی maturity آ جانی چاہیئے۔ بہت سرد گرم سے بھی نکلی ہے کہ بجائے اس کے کہ وہ الزامات کی چھینٹیں دائیں بائیں پھینکیں۔ انہیں خود اپنے احتساب کا بھی کوئی طریقہ نکالنا چاہیئے۔ حال ہی میں برطانیہ میں الیکشن ہوئے ہیں اور اس الیکشن سے بہت پہلے وہاں کے پریس اور وہ ماہرین جو elections کے اوپر اور performance کے اوپر نگاہ رکھے ہوئے تھے انہوں نے اپنے اپنے اندازے پہلے سے بیان کرنے شروع کر دیئے تھے لیکن اسے انگلینڈ میں کسی نے conspiracy نہیں کہا ۔ جان میجر نے یہ نہیں کہا کہ یہ ایک conspiracy ہے Conservative Government کے خلاف جو Tony Blayer اور اس کے دوسرے لوگ مل کر ہمارے خلاف کر رہے ہیں۔ ایسا نہیں کہا ۔ وہ elections میں گئے اورجب result آئے تو by and large نہ صرف ان کو شکست ہوئی بلکہ اس سے بھی زیادہ معاملہ آگے چلا گیا۔ پریس جتنے اندازے دے رہا تھا معاملہ اس سے بھی آگے چلا گیا۔ لیکن جان میجر نے ابھی پورے نتائج بھی

نہیں آئے تھے کہ ٹیلیفون کر کے نئے متوقع وزیر اعظم کو مبارکباد دی، اپنی شکست کو تسلیم کیا اور ایک جمہوری انداز اپناتے ہوئے اپنا سفر لیڈر آف دی اپوزیشن کے طور پر جاری رکھا۔ یہاں آج جناب رضا ربانی صاحب نے date wise ایک فہرست پیش کی کہ فلاں date کو گوہر ایوب Caretaker وزیراعظم سے ملا ، فلاں تاریخ کو عابدہ حسین نے حلف لیا، فلاں تاریخ کو یہ ہوا۔ اس میں ان کو کوئی اور چیز نظر نہیں آئی ماسوائے ایک conspiracy کے، جس میں دنیا بھر کے لوگ، ماسوائے ان کے اپنے سارے شامل تھے ۔ سب شامل تھے، یہ اکیلے رہ گئے تھے، ساری قوم اس میں شامل ہو گئی تھی ، مقتدر ادارہ بھی ان کے خلاف شامل تھا۔ انہیں یہ سوچنا چاہئے کہ آخر اس کی کیا وجہ ہے۔ کیوں ساری قوم کے لوگ اکٹھے ہو کر ان سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آخر اس کا بھی کوئی اندازہ ہونا چاہیئے تھا، اس کا بھی کوئی analysis ہونا چاہیئے تھا۔ اگر پہلے نہیں کیا تو اب کر لیں اور جو پارٹی کے اندر تبدیلیاں ہوئی ہیں اس سے کچھ اس بات کا احساس ابھرتا ہے کہ ان میں سے بعض لوگوں کو یہ احساس ہے کہ کس وجہ سے اس قسم کے نتائج آئے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ ساری conspiracy کی exercise ایسی ہوئی جس کے نتائج پھر یہی ہونے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گوہر ایوب ملا ، فلاں ملا ، میں یہ برملا کہنا چاہتا ہوں کہ جب Caretaker چیف منسٹرز مقرر کئے گئے تو اس وقت ہرصوبے میں جو ہماری جماعت کے مقتدر لوگ تھے وہ اس خدشے میں مبتلا ہوئے کہ ان کی تقرری سے الیکشن results پر بُرا اثر پڑے گا۔ کوئی conspiracy نہیں تھی۔ گوہر ایوب کے حلقے میں رہنے والے ان کے سیاسی حریف جن کے ساتھ وہ کئی بار الیکشن لڑ چکے ہیں راجہ سکندر زمان کو Caretaker Chief Minister بنایا گیا، ان کا یہ خدشہ جائز تھا کہ طویل عرصے سے ان کے درمیان سیاسی کشمکش ہے ، ایک شخص ان کے حلقے کا رہنے والا ہے۔ لہذا یہ کیسے ہوگا کہ وہ ہمارے ساتھ انصاف کرے گا۔ چوہدری شجاعت حسین صاحب کے حلقے میں پیپلزپارٹی کے ہی ایک سابق منسٹر میاں افضل حیات ، جو کہ وہاں ان کا ایک سیاسی حریف ہے ، اس کو پنجاب کا Chief Minister بنا دیا گیا۔ اسی طریقے سے سندھ کے اندر بھی ممتاز بھٹو صاحب کو Caretaker Chief Minister بنا دیا گیا۔ جس سے خود ہمارے لوگ یہ سمجھنے لگے کہ یہ کیفیت بڑی خراب ہو گئی ہے اور اسی لئے آپ دیکھیں کہ بڑی بے چینی پھیلی ہوئی تھی۔ یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ سارا سلسلہ Caretakers کا ایسے ہی تھا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں کچھ بھی شامل نہیں تھا۔ خود Caretaker Prime Minister انہیں کی جماعت کے بزرگ لوگوں

میں سے تھے اور ایک طویل عرصہ وہ سپیکر بھی انہی کی جماعت کے رہے ' Food and Agriculture کے منسٹر بھی رہے ' Chief Minister بھی رہے۔ اس لئے بجائے دائیں بائیں دوش دینے کے اور ہر بات میں ایک conspiracy theory نکالنے کے انہیں اس بات کو accept کرنا چاہیئے تھا کہ ووٹ آخر لوگوں نے دینے ہیں اور یہ کیا وجہ ہے کہ وہ صدر فاروق لغاری ' جو ان کی جماعت میں منسٹر بھی رہے ' ان کی جماعت کے اندر اتنے طویل عرصے سے پورا خاندان بھی رہا ۔ آخر وہ کیا واقعات تھے ' کیا طرز عمل تھا ہمارا کہ اس کے نتیجے میں اب یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے بھی ہماری مخالفت کی۔ آپ کو علم ہے کہ صدر فاروق لغاری اور میاں محمد نواز شریف کے درمیان ایک انتہائی شدید قسم کی سیاسی کشمکش تھی بلکہ وہ ذاتی حد تک چلی گئی۔ ایک دوسرے کے خلاف مقدمات بنے۔ ڈیرہ غازی خان میں لوگوں کو اور پریس کو لے جایا گیا۔ بیانات ہوئے اور اس وقت تک بھی وہ مقدمہ موجود ہے۔ کوئی conspiracy نہیں تھی ۔ اگر کسی نے conspiracy کی تو یقین کیجیئے جناب چیئرمین خود انہوں نے اپنے خلاف ' اپنے اقتدار کے خلاف conspiracy کی۔

ایک بزرگ شخص جنگل میں ایک جھونپڑی بنا کر اس میں عبادت کیا کرتا تھا۔ ایک دن اچانک وہ جھونپڑی اس کے اوپر آگری جبکہ وہ اس کے اندر تھے ۔انہوں نے از راہ گلا اس سے یہ کہا کہ اتنا عرصہ ساتھ ہو گیا تھا کوئی نوٹس تو دے دیتی ' یہ تو کہتی کہ باہر نکل جاؤ میں گرنے والی ہوں۔ تو اس نے جواب دیا کہ آپ کو کچھ سمجھ نہیں آئی' جب اوپر سے مٹی گرتی تھی' جب لکڑیاں گرتی تھیں' جب یہاں ایک ایسی کیفیت تھی تو کبھی آپ نے مجھے سنوارا نہیں' مجھے ٹھیک نہیں کیا ۔ اس کا نتیجہ تو یہی نکلنا تھا ۔اس لحاظ سے جس طریقے سے انہوں نے حکومت کی ' جس طریقے سے مرد اول نے اپنا کنڈکٹ ظاہر کیا 'جس طریقے سے وزراء نے اپنا سلسلہ چلایا اور دیانتداری کے مظاہرے کئے۔ میں حیران رہ گیا کہ احتساب کمیشن کے پاس ہمارے ایک former colleague یہاں بیٹھا کرتے تھے غلام اکبر لاسی صاحب 'ان کے خلاف معاملہ گیا ایک کروڑ نوے لاکھ روپے کا اور انہوں نے اس میں غنیمت سمجھا کہ یہ تو کوئی بات نہیں ہے ' یہ تو قصہ ہی کوئی نہیں یہ لیجیئے ایک کروڑ اور نوے لاکھ روپے میں واپس دینے کو تیار ہوں۔ میں اپنی بات مانتا ہوں کہ یہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے۔ یہاں بیٹھے ہوئے ایسے نہیں لگتے تھے ۔ اس وقت تو ان کے پاس کوئی ایسا سلسلہ نہیں تھا کہ جو لوگ اس قسم کی حرکتیں کر رہے ہیں ان کو باز رکھتے' مجھے

علم ہے کہ ساری باتیں شاید معلوم نہ ہو سکتیں ہوں لیکن اگر ساری دنیا اس سے تنگ آگئی تھی، جس کا اندازہ اس مینڈیٹ سے ملتا ہے جو ان کے خلاف آیا، تو اس کا کچھ اندازہ انہیں ہو جانا چاہیئے تھا۔

بنکوں کے معاملات اور کمیشنز کے معاملات ساری دنیا لکھ رہی ہے، میگزین لکھ رہے ہیں، Transparency International لکھ رہا ہے کرپشن ہے، فراڈ ہے، لوٹ مار ہے کسی کو کوئی پتا نہیں اور یہ آج کہتے ہیں کہ conspiracy ہوئی ہے۔ پھر یہ کس نے کی ہے؟ انہیں اس بات کا خود اندازہ ہو جانا چاہیئے تھا کہ جو کچھ یہ کر رہے تھے اس کا نتیجہ ایک دن ایسے ہی ہونا تھا۔ اس پر اب سپریم کورٹ کی مہر ثبت ہو چکی ہے۔ وہ undo نہیں ہوسکتی۔ اسے کوئی undo نہیں کرسکتا اور جب وہ مہر لگی تو پھر اس کے بعد پوری قوم نے اس پر مہر لگائی، پوری قوم نے نیشنل اسمبلی، صوبائی اسمبلی اور سینٹ کے الیکشن میں اس پر مہر ثبت کی۔ وہ عدالتی فیصلہ تھا۔ لوگوں نے ایک سیاسی فیصلہ کیا۔ اس میں کون سی تیرہ کروڑ کے ساتھ conspiracy ہوگئی تھی۔ کوئی conspiracy نہیں ہوئی۔ انہیں اس بات کا اندازہ ہو جانا چاہیئے اور جتنی جلدی اس بات کو یہ تسلیم کریں گے، اتنی جلدی ان کی اپنی سیاسی صحت کے لئے بھی بہتر ہوگا۔ ان کو اس سے فائدہ ہوگا لیکن اگر یہی کہتے رہے کہ ساری دنیا ان کے خلاف سازش کر رہی ہے تو پھر یہ اپنا سفر دوبارہ سیاسی طور پر جاری نہیں رکھ سکیں گے۔

ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ملک کے اندر دو پارٹیوں کا ہونا ایک صحت مند رجحان ہے لیکن یہ اسی صورت میں قائم رہ سکتا ہے جبکہ دونوں جماعتیں ایک ہی بیلنس کی ہوں اور وہ بیلنس تبھی قائم رہ سکتا ہے جب ذمہ داری سے سیاست کی جائے۔ اگر غیر ذمہ داری سے سیاست کریں گے تو پھر یہ بیلنس اسی طرح ہوگا جیسے آج ہے۔ ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ جمہوریت بغیر ایک موثر اپوزیشن کے، بغیر ایک sensitive پریس کے نہیں چل سکتی۔ اس لئے آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہم نے روابط بہتر کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور میں یہ فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ سینٹ کے اندر ہمارے آپس میں بہترین تعلقات ہیں، ایک ورکنگ ریلیشن شپ ہے، ایک باہمی عزت ہے، احترام ہے۔ ابھی پرسوں ہی میں خود چل کر ان کے چیمبر میں گیا تھا ہم نے کمیٹیوں کے فیصلے کئے اور خوش اسلوبی سے کئے اور اس میں کوئی رد وبدل، کوئی بحث تمحیص نہیں ہوئی اور انشاء اللہ تعالیٰ ان معاملات میں نہیں ہوگی۔ ہم ان کی اہمیت کے قائل ہیں، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا ایک رول

ہے' اور وہ رول انہیں ادا کرنا ہے اور وہ رول جتنا ادا کریں گے اتنی جمہوریت مستحکم ہوگی۔ اس لئے اس بات کو ذہن میں نہ لایا جائے کہ یہ ایک ایسی conspiracy ہوئی تھی' جو اب بھی چل رہی ہے ایسا نہیں ہے۔

جو حکومت آئی ہے اس کے سامنے' ساری قوم کو اور پوری دنیا کو پتہ تھا کہ ایک بڑا مشکل چیلنج ہے' بہت مشکل چیلنج ہے' اس میں سب سے بڑی بات میں یہ سمجھتا ہوں کہ قومی یکجہتی کا معاملہ ہے' قومی یکجہتی کی خاطر بڑی پارٹیوں کو' بڑے صوبوں کو زیادہ قربانیاں دینی چاہئیں۔ دوسروں کو accommodate کرنا چاہیئے اور آج مجھے یہ خوشی ہے کہ مسلم لیگ کی موجودہ قیادت میاں محمد نواز شریف' انہوں نے اعتماد حاصل کیا ہے عوامی نیشنل پارٹی کا اور گزشتہ کئی سال سے دونوں سیاسی طور پر اس قدر اتحاد' اتفاق اور باہمی مشاورت سے چل رہے ہیں کہ باوجود بے پناہ کوششوں کے' اس میں کوئی خدا تعالیٰ کے فضل سے دراڑ نہیں پڑ سکی اور میں امید سے کہہ سکتا ہوں کہ آئندہ بھی ملک کی بہتری کے لئے اور ایک اچھے مستقبل کے لئے ہمارا یہ اتحاد انشاء اللہ تعالیٰ قائم رہے گا ۔اسی طریقے سے بلوچستان کے اندر' جمہوری وطن پارٹی ہو' بی این پی ہو' سندھ کے اندر ایم کیو ایم ہو' جمعیت اہلحدیث ہو' جمعیت علمائے پاکستان ہو اور اب تو میں جمعیت علماء اسلام کو بھی ساتھ شامل کرتا ہوں اور باقی جماعتوں کو بھی' ڈاکٹر حئی صاحب کو بھی' کہ ہم سب کو ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں ۔

آج اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ ملک کے اندر یہ فضا قائم ہے جو اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں جو آج باہمی رفاقت اور اعتماد اور مشاورت کا سلسلہ ہے اس سے پہلے کبھی بھی نہیں تھا۔ یہ انتہائی خوش آئند ہے۔ قومی یکجہتی کے لئے ایک گارنٹی ہے۔ ایک گارنٹی ہے بہتر مستقبل کی ' ملک کے جو بنیادی مسائل ہیں' معیشت کے مسائل ہوں' خارجہ کے مسائل ہوں' یا فرقہ واریت کا مسئلہ ہو ان کو حل کرنے کی سب سے بڑی گارنٹی یہی ہے کہ تمام چھوٹی بڑی جماعتیں باوجود ان کا اپنا منشور ہونے کے' باوجود ان کی اپنی ہسٹری ہونے کے' باوجود ان کی اپنی قیادت ہونے کے' پھر بھی وہ ایک پلیٹ فارم پر ہیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اسی سے ملک کو بہتر بنایا جا سکتا ہے' مضبوط بنایا جا سکتا ہے 'اس لحاظ سے جو فرقہ واریت کا چیلنج ہے ۔ جناب چیئرمین ! اس سلسلے میں کچھ ذہنوں میں غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ۔ فقہ کی بنیاد کے اوپر اختلافات ہیں اسے کوئی اصولی کہہ رہا ہے کوئی اسے فروعی کہہ رہے ہیں ۔لیکن یہ حقیقت تسلیم

کرنی پڑے گی کہ یہ آج کے نہیں ہیں ۔ یہ صدیوں پرانے ہیں اور اس کی بنیاد یہی ہے کہ دین کے اوپر غور و فکر کرکے اس میں سے جب قانون اخذ کیے جاتے ہیں ' لائحہ عمل بنایا جاتا ہے تو لازمی طور پر' قرآن اور حدیث میں تو اختلاف نہیں ہوسکتا لیکن اس کی interpretation میں اور مسائل کے سلسلے میں غورو فکر ہوگا تو یہ انسانی فطرت میں ہے کہ اس میں ضرور اختلاف رائے ہوتا ہے ۔ خود رسول اکرم صلعم کی حدیث مبارک ہے کہ میری امت کے اندر اختلاف رائے ہے جس کی بنیاد نیک نیتی پر ہے ۔ وہ ایک رحمت ہے ۔ اگر اسلامک لاء develop ہوا ہے' institutions develop ہوئے ہیں۔ تو اسی بحث و تمحیص سے ہوئے ہیں ۔ وہ اسی اصول اختلاف کی وجہ سے ہوئے ہیں ۔ یہ کوئی برائی نہیں ہے لیکن برائی وہاں سے شروع ہوتی ہے جب دوسرے کے اختلاف رائے کو برداشت نہ کیا جائے ۔برائی وہاں سے شروع ہوتی ہے جب بجائے دلائل کے اسے تشدد سے منوانے کی کوشش کی جائے ۔ پھر وہاں کوئی شریعت نہیں رہتی' کوئی قران و سنت کے وہ سلسلے نہیں رہتے ۔ آج جو کیفیت ہے اس میں کوئی یہ مسئلہ نہیں ہے کہ قرآن میں کیا لکھا ہے اور حدیث شریف میں کیا ہے ۔ اس بات کی تو بحث ہی کہیں پیچھے چلی گئی ہے ۔ یہ مسئلہ تو کوئی اور dimension اختیار کر گیا ہے ۔ اور جب اس قسم کے حالات پیدا ہوتے ہیں تو پھر ملک دشمن قوتیں اپنا رول بھی ادا کرنا شروع کر دیتی ہیں ۔ یہ کوئی دور کی بات نہیں ہے ۔ یہ جو اب کیس ہوا چوہدری محمد اشرف ایس ایس پی کا ' اخبارات میں بھی آ چکا ہے کہ جو لوگ چوہدری محمد اشرف ایس ایس پی کے سلسلے میں گرفتار کئے گئے ہیں ان سے کچھ ایسے documents برآمد ہوئے ہیں جن کا ذکر انگریزی اخبارات میں بھی آچکا ہے' ایسے documents برآمد ہوئے ہیں جن کا تعلق ملک کے اندر نہیں بلکہ ملک کے باہر جا کر ملتا ہے ۔وہ اس صورت حال کو خراب کرنا چاہتے ہیں ۔ کیا مقاصد ہیں۔ وہ بھی کوئی مشکل نہیں ہے ان کو سمجھنا لیکن ملک کے لوگوں کا ' ملک کی قیادت کا یہ فریضہ ہے کہ اس قسم کی صورت حال کا عقل مندی سے اور صحیح انداز سے اور لوگوں کو ساتھ لے کر ' نہ صرف اس کا صحیح تجزیہ کیا جائے بلکہ اس کو اگر بالکل ختم نہیں کیا جاسکتا تو اس کو اس درجے پر لایا جائے جہاں یہ امن و امان کے لئے خطرہ ثابت نہ ہو ۔ جہاں لوگوں کی جانیں ضائع نہ ہوں ۔ کوئی یہ تجویز دیتے ہیں کہ مذہبی جماعتوں پر پابندی لگا دی جائے ۔ یا چند علماء کو بٹھا کر یہ بات کر دی جائے ' اس سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔ اس کے لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام وہ انفارمیشن ایک جگہ پر پول ہوں خواہ صوبائی حکومتوں کے پاس

ہیں یا جو مقتدر جو انٹیلجنس کے ادارے ہیں یا مرکزی حکومت کے پاس ہیں ، فارن آفس کے پاس ہیں investigating agencies کے پاس ہیں ، ایک nucleos بنایا جائے ۔جہاں یہ ساری چیزیں پول ہوں اور پھر یہ پتہ لگایا جائے کہ یہ شر کہاں سے اٹھ رہا ہے ۔ اس کا کوئی تعلق مذہبی اختلافات سے نہیں ہے ۔ اس کا تعلق پاکستان کو destabilize کرنے کی کوششوں سے ہے اور یہ آج کے نہیں ہیں ، اس سے پہلے کے ہیں ۔ ایک حکومت ہو یا دوسری حکومت ہو یہ کارروائی جاری رہے گی ۔ اس کو کنٹرول کرنے کی خاطر اور میرے یہ علم میں بات ہے کہ سابقہ تجربات کی روشنی میں اب ایک ایسا سیل قائم کر دیا گیا ہے کہ جو اس بات کے لئے nerve centre ہوگا جہاں سے ایک پالیسی مرتب کرکے ، پولٹیکل جو لیڈر شپ ہے اس کے ذریعے سے پالیسی مرتب ہوگی اور پھر یہ تمام جو اس کی ramification ہیں اس کو نظر میں رکھ کر اس کا علاج کیا جائے گا ۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ احتساب کے عمل کے لئے پوری قوم کے اندر ایک ہیجان پایا جاتا ہے ۔ Corruption کو ختم کرنے کے لئے ، بدعنوانیوں کو ختم کرنے کے لئے ایک بھر پور آواز اٹھی اور اس کے نتیجے میں ، قوم کے اس فیصلے کے نتیجے میں یہ حکومت وجود میں میں آئی ۔ حکومت کے کندھوں پر یہ پوری قوم کا قرض ہے کہ وہ بدعنوان عناصر کو اس معاشرے سے الگ کریں ۔ میرٹ کے اوپر تمام فیصلے ہوں خواہ وہ کالجوں میں داخلے ہوں ، خواہ وہ ملازمتیں ہوں ، خواہ وہ promotions ہوں ، میرٹ کے اوپر ان کا فیصلہ ہو ۔ دنیا بھر میں میرٹ بنیاد ہے ۔ جو ملک کا بھی خواہ ہے وہ میرٹ کو پسند کرے گا لیکن ایک طویل عرصے سے ایک غلط روایت چلی آ رہی تھی ۔ روایت بارہ تیرہ سال میں یہ بن گئی تھی کہ قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی اور سینیٹرز کے ذریعے سے یہ تقرریاں ہوں ، سینٹ تو اس میں شامل نہیں تھا لیکن بعض ارکان اسمبلیوں کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ پولیس کے سپاہی بھرتی کریں ۔ وہ ٹیچرز لگائیں ، جو ملازمتیں ہیں مختلف محکموں کی ، ان کو دی جائیں اور اس کے لئے وزیر اعظم ہاؤس cell بنے اور وہاں پھر لسٹیں جاری ہوتیں تھیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پولیس کا وہ حال ہے جو تصور نہیں کیا جا سکتا ۔ کوئی خیر کی توقع نہیں کی جا سکتی ۔ جناب چیئرمین ! میرے گھر کے باہر پولیس کی گارڈ موجود ہوتی تھی ، خود میرے ہمسائیوں نے اس گارڈ کے بارے میں مجھے شکایت کی ۔ میں نے اسی وقت آئی ۔جی صاحب کو ٹیلیفون پر یہ کہا کہ آپ اس گارڈ کو میرے گھر کے باہر سے لے

جائیں۔ میں لوگوں کو اپنا منہ نہیں دکھا سکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی غلط آدمی، کوئی کالی بھیڑیں ہیں تو ہم اس کے خلاف سخت ایکشن لیں گے لیکن آپ یہ نہ کریں کہ وہاں سے گارڈ ہٹا لی جائے۔ میں نے کہا کہ مجھے کوئی ضرورت نہیں ، مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے، نہ حفاظت کے لئے، نہ کسی اور چیز کے لئے لیکن میں یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ پورا محلہ ان کی وجہ سے پریشانی کے عالم میں مبتلا ہو ، جس کا مجھے علم ہی نہیں ہو سکا اور یہ لوگ ایسے ہی میرے پاس نہیں آ گئے۔ دو گھنٹے کے اندر ان کو اٹھا کر وہ لے گئے۔ پھر مجھے approach کیا گیا کہ ہم بہتر لوگوں کو --- میں نے کہا کہ بالکل نہیں چاہئیے۔ یہ حشر ہو گیا ، اس وجہ سے کہ بھرتیاں سفارش پر ہوتی ہیں اور سفارش پر induction کے بعد پھر سفارش پر ٹرانسفریں ہوتی ہیں، پھر ترقیاں ملتی ہیں۔ طویل عرصے سے یہی کچھ کرنے کے بعد کون سا شعبہ رہ گیا ہے جسے آپ کہیں کہ یہ corruption سے خالی ہے۔ اگر دو دو لاکھ روپے دے کر لوگ OGDC میں بھرتی ہوں۔ اگر پروفیسر بنیں ، اگر گاؤں میں ٹیچر لگیں تو پھر اس کے بعد آپ ان سے کیا توقع کرتے ہیں کہ وہ کیا اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ اس لحاظ سے جو اس حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے ، ہم سب کو اس کی حمایت کرنی چاہئیے ۔ اس کی support کرنی چاہیئے کہ آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر فیصلہ induction کا ہو، promotions کا ہو، transfers کا ہو ، میرٹ پر ہو گا۔ انشاء اللہ اور اگر کہیں کسر باقی ہے، اگر کہیں ایسی روایت ، جو پچھلے کئی عرصے سے چلا آ رہا تھا ، وہ سامنے آتی ہے تو پھر اپوزیشن کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ پھر-------- کوئی حرج نہیں آپ پہلی دفعہ سینٹ میں تشریف لائے ہیں کوئی حرج نہیں اور اپوزیشن کا فرض بنتاہے ، گورنمنٹ کے ارکان کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس کی نشاندہی کریں ۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس پالیسی کے خلاف ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ ، خواہ ادھر سے اٹھے یا ادھر اٹھے ، ہم اکٹھے مل کر اس کا انسداد کریں گے۔

جناب چیئرمین۔ راجہ صاحب wind up کرلیں۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ قومی معیشت کے بارے میں کئی سال سے ایک انتہائی تشویش پائی جاتی ہے اور اس کی بے شمار وجوہات ہیں ۔ غلط پالیسیاں بھی وجہ ہے ، لوٹ کھسوٹ بھی وجہ ہے۔ اور یہ جو trade imbalance ہے غلط پالیسوں کی وجہ سے وہ بھی ایک بنیاد ہے ۔ یعنی اس وقت بھی trade imbalance3.10 billion ہے صرف پچھلے سال کا اور یہ پھر اگر قائم رہے تو

آپ جتنی بھی کوشش کریں خواہ پچھلے قرضے بھی ختم کر دیں - اس مصیبت سے آپ کیسے چھٹکارا حاصل کریں گے - اس لیے میری گزارش یہ ہے کہ اگر اس کے لیے ایک مہم چلائی جائے کہ پاکستان کے لوگ خواہ کوالٹی کسی پروڈکٹ کی کیسی بھی ہے۔ اگر فخر سے اپنے ملک کی بنی ہوئی چیزیں استعمال کریں اور اس کو ترجیح دیں اور بلاوجہ امپورٹڈ چیزوں کے پیچھے نہ دوڑیں تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس قوم کے اندر وہ جوہر موجود ہے کہ وہ اس trade imbalance کے اوپر بھی قابو پا سکتی ہے۔ میں ان ساری چیزوں کے اوپر گزارش نہیں کر سکتا لیکن یہ میں ضرور کہہ سکتا ہوں کہ' یہ ایک نئی شروعات ہے اور اس مرحلے کے اوپر میں اپوزیشن کو یہ دعوت دیتا ہوں کہ جس عزم کا اظہار انہوں نے کیا ہے کہ اگر کوئی بات درست ہو گی تو وہ اس کو سپورٹ کریں گے اور جو غلط ہو گی اس کی وہ مخالفت کریں گے۔ میں انہیں دعوت دیتا ہوں کہ اگر مل جل کر یک طرفہ عمل اختیار کیا جائے گا تو انشا اللہ تعالیٰ ملک کے لیے یہ انتہائی نیک فعال ثابت ہو گا۔ لیکن اگر صرف کیفیت یہی رکھی جائے محض الزام تراشی کی اور واویلہ کی اور conspiracy theory کی تو پھر اصلاح کے لیے زیادہ وقت درکار ہو گا۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

Mr. Chairman: I put the motion before the House. This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 26th March, 1997.

(The motion is adopted)

جناب چیئرمین۔ اب جناب کل پرسوں تو میرے خیال میں چھٹی ہے -

راجہ محمد ظفر الحق - اگر کمیٹیوں کے لیے کر دیں -

جناب چیئرمین - جی میرے خیال میں اگر ہو جائے تو اچھا ہے -

چوہدری اعتزاز احسن - کمیٹیز کی بات تو ہو گئی راجہ صاحب سے ' راجہ صاحب نے بھی انتہائی فراخدلی کے ساتھ یہ agree کیا ہے کہ Monday تک' کیونکہ اس کی problem یہ ہے جو ہماری پڑ رہی تھی جو ہم نے عرض کیا - کچھ کمیٹیز میں ہمارے تین ممبر آنے ہیں اور کچھ میں دو کیونکہ ٹوٹل 51 slaught ہمیں ملنے ہیں - جو ہم نے حساب لگایا ہے بیٹھ کے تو وہ پہلے ہم نے اس سے پہلے جب آئے ہیں اور راجہ صاحب سے بات کی ہے اور راجہ صاحب کی صوابدید کا

ہمیں علم نہیں تھا کہ کون سی میں ہم تین رکھیں اور کون سی میں دو رکھیں کیونکہ آپ نے بھی دوسری جانب سے اپنے ممبر ان میں رکھے ہوئے تھے ۔ اب انہوں نے ہمیں فرما دیا ہے کہ آپ خود یہ طے کر لیں ۔ over the weekend ہم یہ فائنل کر لیں گے۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں کچھ تو یہ ہے ناں کہ اگر ہم یہ کمیٹیز بنا دیں تو یہ چیزیں ہیں وہ بعد میں ہو جائیں گی ۔ وہ میرے خیال میں جو موشن بنایا جا رہا ہے ۔ اس میں چیئرمین کو اختیار ہے کہ جو بھی آپ ممبرز دیں۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ جی جی privilege motion کے تحت ہے اور ایک ہی دفعہ پھر فائنل ہو گا اور وہ زیادہ neat لگے گا ۔ وہ تو ایک آدھ کوئی چینج کرنا ہو تو جناب ۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں زیادہ بھی آپ کر سکتے ہیں ۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ اس طرح بڑا ہول سکیل چینج ہو گا اور راجہ صاحب کم از کم ہمیں انہوں نے یہ کہا ہے کہ we are jointly agreed کہ یہ Monday ہی کو لے لیں ۔ Monday سب سے best ہو گا ۔ Monday کو دو اشوز پر آپ جناب گزارش ہے کہ آپ نے توجہ دینی ہے ۔ ایک تو یہ کہ بالکل طے ہو جائے گا ۔ٹائپ وائپ ہوجائے گا وغیرہ اور آپ کی صوابدید پھر exception کیسز میں استعمال کرنے کے لیے رہ جائے گی ۔ دوسری گزارش رضا ربانی صاحب کی ۔

جناب چیئرمین ۔ وہ تو آج بھی بڑا ٹائم ہے ۔ آج میں سن لیتا ہوں اگر نماز میں پندرہ منٹ ہیں ۔ہاں ڈیڑھ بجے ہے وقت ۔

راجہ محمد ظفر الحق ۔ ڈیڑھ بجے تو یہاں تو نماز نہیں ہوتی ۔ کہیں جا کر ہی نماز پڑھیں گے کیونکہ جمعہ individual نہیں ہوتا ۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ چلیں Monday کو ہی سہی، گو پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے but it relates to the constitution of the House and attendance of a member and his right or whatever you decide.

Mr. Chairman: According to you a member and according to them a

member elect.

چوہدری اعتزاز احسن ۔ بہرحال معنی یہ ہیں کہ وہ کوئی بھی بزنس ہو ۔

جناب چیئرمین ۔ بہرحال میری جانب سے آج وقت ہے if you are ready I am prepared

راجہ محمد ظفر الحق۔ مشکل ہے جناب ' آج جمعہ ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ وہ تیار نہیں جی ' ہم تو تیار ہیں۔

جناب چیئرمین۔ سننا تو میں نے ہے ۔ انہوں نے تو نہیں سننا۔ میں تیار ہوں۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ خیر آپ تو چیمبر میں بھی سن سکتے ہیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ راجہ صاحب بھی سنیں کیونکہ ہمیں شاید ذرا راجہ صاحب سے زیادہ توقعات وابستہ ہیں بہ نسبت باقی بہت سے حضرات کے۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال just for the record that I am ready. OK.

So, the House is adjourned till Monday, 5.p.m.

(The House was then adjourned to meet again at 5 p.m.

on Monday, the 19th of May, 1997)